# فہرست مضامین


| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
| --- | --- | --- | --- |
| نسبتِ نبی ﷺ | 13 | غیر عربی زوجہ محترمہ | 45 |
| اہلِ بیت | 15 | بوقتِ انتقالِ نبی ﷺ | 46 |
| نبی کریم ﷺ کے اہل بیت اور قرآن مجید | 16 | وہ خواتین جو حرم نبوی کی زینت نہ بن سکیں | 47 |
| اہل بیت اور احادیث | 21 | سیدہ فاطمہ بنت شریح رضی اللہ عنہا | 47 |
| نتیجہ کلام | 28 | سیدہ اسماء بنت نعمان رضی اللہ عنہا | 48 |
| شانِ ازواج مطہرات | 29 | سیدہ لیلیٰ بنت الخطیم رضی اللہ عنہا | 48 |
| بحکمِ ربّ | 29 | سیدہ نشاۃ بنت رفاعہ رضی اللہ عنہا | 49 |
| اہلِ جنت | 29 | قتیلہ بنت قیس | 49 |
| حرمتِ قطعی | 30 | شدباء بنت عمر الغفاریہ | 50 |
| اُمت کی مائیں | 31 | ترتیبِ نکاح | 51 |
| مائیں مردوں کی یا عورتوں کی......؟ | 32 | نفقہ وحق مہر | 54 |
| بھائی یا والد......؟ | 33 | نفقۂ ازواجِ مطہرات | 56 |
| تمام جہاں کی عورتوں سے اَفضل | 34 | کثرتِ ازواج کی حکمتیں | 57 |
| مراکزِ رحمت و برکت | 34 | اہتمامِ تعلیم وتربیت | 57 |
| اختیارِ ازواج | 36 | جاہلیت کی ناپسندیدہ رسوم کا قلعہ قمع | 60 |
| شانِ نزول | 40 | پیاروں کی دِلجوئی | 62 |
| اہم نکات | 42 | امن عامہ کے لئے | 63 |
| تعدادِ ازواجِ مطہرات | 44 | بیوگان سے نکاح | 66 |
| قریشی ازواجِ مطہرات | 44 | بوجہِ خدمتِ اسلام | 67 |
| غیر قریشی ازواج مطہرات | 45 | اہل وعیال کو سہارا دینا | 67 |


Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| خواب | 107 | حجِ بیت اللہ | 113 |
| رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکاح | 108 | ایثار و رفاقتِ رسول ﷺ | 114 |
| زوجہ ثانیہ | 109 | اولاد اور روایتِ حدیث | 115 |
| فضائل ومحاسن | 109 | روایتِ حدیث | 116 |
| حسنِ اخلاق | 110 | وفات | 116 |
| آیتِ حجاب | 113 | | |


☼ ☼ ☼

## 3) اُمُّ المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ........................ 117


| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| نام اور لقب | 117 | واقعہ ایلا | 146 |
| کنیت | 117 | سیدہ عائشہ اور تیمم کا حکم | 149 |
| سلسلہ نسب | 118 | سیدہ عائشہ اور حجۃ الوداع | 150 |
| ولادت | 119 | فضائل ومناقب | 151 |
| رضاعت | 119 | اُمُّ المومنین کا علمی مقام | 160 |
| ابتدائی عمر | 120 | حلیہ اور لباس | 165 |
| نکاح | 121 | اولاد | 165 |
| ہجرت مدینہ اور سیدہ کی رخصتی | 125 | انتقالِ رسول اللہ ﷺ | 166 |
| خانہ داری | 129 | خلفائے راشدین، عہدِ صدیقی | 169 |
| نبی کریم ﷺ کے ساتھ محبت | 130 | عہدِ فاروقی | 170 |
| غزوۂ احد | 132 | عہدِ عثمانی | 171 |
| واقعۂ افک | 132 | عہدِ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ | 171 |
| آیت کے حصے | 144 | وفات | 173 |
| واقعۂ تحریم | 144 | | |


Marfat.com

4) اُمّ المومنین سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا ........................175

| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| تعارف | 175 | صلح حدیبیہ | 196 |
| نام وکنیت | 175 | خندق، حجۃ الوداع اور کربلا، غزوۂ | 198 |
| سلسلۂ نسب | 175 | خندق | 198 |
| والد کی فیاضی | 176 | حجۃ الوداع | 198 |
| ولادت اور ابتدائی حالات | 176 | واقعۂ کربلا | 198 |
| ہجرت | 177 | آیتِ تطہیر اور پردہ، اہل بیت | 199 |
| شوہر کی وفات اور حرم نبوی میں داخلہ | 180 | پردہ | 199 |
| ابوسلمہ کی وفات | 180 | سیدہ ام سلمہ کا علمی مقام | 201 |
| حرم نبوی میں | 183 | اولاد | 204 |
| نبی کریم ﷺ سے محبت | 187 | سلمہ رضی اللہ عنہ | 204 |
| واقعہ ایلاء | 188 | عمر رضی اللہ عنہ | 204 |
| فضائل ومناقب | 189 | درہ رضی اللہ عنہا | 205 |
| صحابہ کرام کی سفارش | 193 | زینب رضی اللہ عنہا | 205 |
| | | وصال | 206 |

☼ ☼ ☼

5) اُمّ المومنین سیدہ حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا ........................207

| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| تعارف | 207 | شادی | 208 |
| نام اور سلسلۂ نسب | 207 | واقعہ تحریم | 211 |
| اسلام | 208 | حصولِ علم کا شوق | 215 |


Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| فضائل اور عاداتِ کریمانہ، فضائل و محاسن | 216 | اخلاق و عادات | 218 |
| | | وصال | 220 |


☼ ☼ ☼

6) اُمّ المومنین سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا ................ 221


| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| مختصر تعارف | 221 | ولیمہ | 230 |
| نام و کنیت | 221 | فضائل و مناقب | 233 |
| سلسلہ نسب | 222 | زہد و تقویٰ اور سخاوت | 234 |
| ابتدائی حالات | 222 | روایات | 238 |
| نکاحِ اول | 222 | وصال | 238 |
| حرمِ نبوی میں | 226 | | |


☼ ☼ ☼

7) اُمّ المومنین سیدہ زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا ................ 241


| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| تعارف | 241 | نکاح | 242 |
| نام و نسب | 241 | حرم نبوی | 243 |
| سلسلہ نسب | 241 | فضائل و محاسن | 244 |
| ولادت | 242 | وصال | 245 |


☼ ☼ ☼

Marfat.com

8) اُمّ المومنین سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا ........................... 246

| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| نام ونسب | 246 | خواب وتعبیر | 251 |
| ولادت | 246 | باعثِ رحمت | 251 |
| خاندانی وقار | 246 | اولاد | 252 |
| غزوۂ بنی مصطلق | 247 | اخلاق وعادات | 253 |
| حرم نبوی میں داخلہ | 249 | وصال | 256 |

☼ ☼ ☼

9) اُمّ المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا ........................... 257

| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| مختصر تعارف | 257 | خانہ داری | 266 |
| نام وکنیت | 257 | محبت | 266 |
| سلسلۂ نسب | 257 | صفاتِ جمیلہ، علم وفضل | 272 |
| نکاحِ اول | 258 | روایت حدیث | 272 |
| غزوۂ خیبر | 258 | صبر وتحمل | 273 |
| خواب | 264 | نرم دل | 274 |
| ولیمہ | 264 | فضائل ومناقب | 275 |
| خصوصیات، حسن وجمال | 265 | وصال | 276 |

☼ ☼ ☼

Marfat.com

10) اُمّ المومنین سیدہ اُمِ حبیبہ رضی اللہ عنہا ........ 278



| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| تعارف | 278 | اولاد | 288 |
| نام ونسب | 278 | فیضانِ عشق ومحبت، روایات | 288 |
| ولادت | 278 | نبی ﷺ سے محبت | 288 |
| ابتدائی حالات اور عقد اول | 279 | وصال | 290 |
| حرم نبوی میں داخلہ | 280 | قبر انور | 290 |
| فضائل ومناقب | 285 | | |



☼ ☼ ☼

11) اُمّ المومنین سیدہ ریحانہ بنت شمعون رضی اللہ عنہا ........ 292



| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| نام ونسب | 292 | حق مہر | 296 |
| بنو قریضہ | 292 | رہائش | 296 |
| شرف ایمان | 294 | پاکیزہ اخلاق | 296 |
| نکاح | 295 | وصال | 296 |



☼ ☼ ☼

12) اُمّ المومنین سیدہ ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا ........ 297



| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| سیدہ ماریہ | 300 | ام ولد | 305 |
| فضائل ومناقب | 302 | رشک | 305 |
| اولاد | 304 | عقیقہ وحلق | 305 |
| ابا ابراہیم | 304 | بیٹے سے محبت | 306 |



Marfat.com

# نسبتِ نبی ﷺ

ازواجِ رسول ﷺ یہ نام ہے ایک عظیم الشان نسبت کا، جس نسبت کو کسبی اعتبار سے نہیں بلکہ نسبی اعتبار سے ایک عظیم مقام حاصل ہے۔ یہ وہ نسبت ہے جو تمام نسبتوں سے افضل و اعلیٰ ہے کیونکہ اس کا مرکز و محور وہ عظیم الشان ہستی ہے جس کی وجہ سے اللہ رب العزت نے ہر چیز کو تخلیق فرمایا اور جس چیز کو بھی وجہ تخلیق کائنات سرکارِ دو عالم ﷺ کے ساتھ نسبت ہو گئی وہ ہر چیز سے ممتاز اور اعلیٰ ہو گئی۔ عرب کی سرزمین کو اگر تمام دنیا کی سرزمینوں پر فوقیت حاصل ہے تو وہ اس لیے کہ وہ سرزمین پیارے مصطفیٰ کریم ﷺ کا وطن ہونے کا اعزاز رکھتی ہے اور اگر مکہ معظمہ کو اُم القریٰ ہونے کا شرف حاصل ہے تو وہ اس لیے کہ یہاں پر بیت اللہ ہے اور یہ کہ یہاں پر آمنہ خاتون رضی اللہ عنہا کے دُرِّ یتیم کی ولادت ہوئی۔

اگر مدینہ منورہ کو عظمت ملی تو سرورِ دو عالم ﷺ کی وجہ سے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے شہر کی قسم ارشاد فرمائی۔

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ۝

(القرآن المجید، پارہ 30، سورۃ البلد، آیت 2-1)

"اے محبوب! میں اس شہر کی قسم کسی دوسری عظمت کی وجہ سے ارشاد نہیں فرماتا بلکہ اس لیے قسم ارشاد فرماتا ہوں کہ یہ تیرا شہر ہے۔"

محبت کا یہ اصول ہے کہ محبوب کی ہر چیز پیاری ہوتی ہے۔ ایک مرتبہ مجنوں اپنی محبوبہ لیلیٰ کے شہر میں داخل ہوا تو کبھی اس شہر کے در و دیوار کو چومتا ہے تو کبھی گلی و بازار کو۔ کسی نے پوچھا!

"اے مجنوں! یہ تو کیا کرتا ہے؟"

مجنوں نے کہا!

Marfat.com

''میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ میں اھل جنت کے سوا کسی سے نکاح نہ کروں، شادی صرف اھل جنت سے ہو تو اللہ تعالیٰ نے میری دعا کو قبول فرمایا۔''

ایک اور حدیث اقدس میں ہے!

''بے شک اللہ تعالیٰ میرے لیے بس وہی عورتیں پسند فرماتا ہے اور میری بیٹیوں کے لیے وہی مرد پسند فرماتا ہے جو اہل جنت سے ہو۔''

(جمرة النساب، صفحہ نمبر 710)

ان احادیث سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو گئی کہ تمام کی تمام ازواج مطہرات سلام اللہ علیہن اجمعین جنتی ہیں اور ان تمام ازواج میں سے کسی ایک کے متعلق غلط سوچ رکھنے والا صراط مستقیم پر نہیں۔

## حرمتِ قطعی:

ارشاد باری تعالیٰ ہے!

''وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا''

(القرآن الجید، پارہ نمبر 22، سورۃ احزاب، آیت نمبر 53)

''(اے ایمان والو!) تم کو یہ زیب نہیں دیتا کہ تم اذیت پہنچاؤ اللہ کے رسول کو اور تمہیں اس کی بھی اجازت نہیں کہ تم نکاح کرو ان کی ازواج سے ان کے بعد کبھی بھی بیشک ایسا کرنا اللہ کے نزدیک گناہ عظیم ہے۔''

اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو جو پہلا حکم دے رہا ہے وہ یہ ہے کہ تم کو اس بات کی ہرگز اجازت نہیں کہ تم ایسا کام کرو جس سے میرے پیارے محبوب علیہ السلام کو ذرا برابر بھی تکلیف پہنچے۔ یہاں تک فرمایا! ''لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ'' یعنی اپنی آواز بھی میرے محبوب علیہ السلام سے اونچی مت کرو اور اگر ایسا ہو گیا تو ''اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ'' تمہارے تمام اعمال ضائع ہو جائیں گے اور تمہیں پتہ بھی نہ چلے گا۔ تو جب

Marfat.com

ایک ادنیٰ سی بے ادبی کی وجہ سے تمام اعمال ضائع کر دیئے جائیں گے تو ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جو اہل بیت رسول سلام اللہ علیہم اجمعین کی شان میں بے باکیاں کرتے ہیں اور پھر بھی اپنے آپ کو مومن کہتے ہیں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ازواجِ مطہرات کی رفعت وشان ظاہر کرنے کیلئے ایمان والوں کو حکم دیا ہے کہ تم ان کو عام عورتیں خیال مت کرو بلکہ یہ تم پر ہمیشہ ہمیشہ کیلئے حرام ہیں۔ تمہیں ان کے ساتھ نکاح کرنے کی اجازت نہیں یہ امہات المومنین ہیں اور تم اس چیز کو معمولی خیال نہ کرو بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بڑا جرم ہے۔

اس آیت سے یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا دینا در حقیقت اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سبب ہے اور ایذائے رسول علیہ السلام کی جس قدر بھی اقسام ہوسکتی ہیں ان میں سب سے زیادہ سخت وہ صورت ہوگی جس میں اہل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کے خلاف کوئی بات یا عمل کیا جائے۔

## اُمت کی مائیں:

ارشادِ باری تعالیٰ ہے!

"اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ"

(القرآن الکریم، پارہ نمبر 21، سورۃ احزاب، آیت نمبر 6)

"نبی ﷺ مومنوں کی جانوں سے بھی زیادہ ان کے قریب ہیں اور آپ ﷺ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔"

علمائے لغات نے اولیٰ کا معنی "زیادہ قریب، زیادہ حقدار اور زیادہ مالک" کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے یہ تینوں معنی درست ہیں۔"

1: ازواجِ مطہرات کو امت کی مائیں فرمانے سے مراد تعظیم وتکریم کے اعتبار سے مائیں ہونا ہے۔ ماں اور اولاد کے دوسرے احکام حرمت نکاح اور محرم ہونے کی وجہ سے باہم پردہ نہ ہونا اور میراث میں حصہ دار ہونا وغیرہ احکام اس سے متعلق نہیں۔ جیسا کہ آخر آیت میں اسے کھول دیا گیا ہے اور ازواج مطہرات سے کسی امتی کا نکاح حرام ہونا ایک علیحدہ آیت

Marfat.com

مائیں ہیں یا خواتین کی بھی۔؟ اس بارے میں علماء کی دورائے ہیں۔ایک رائے کے مطابق تو ازواج مطہرات تمام ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کی مائیں ہیں اور یہی صحیح ہے۔ دوسرے فریق کی رائے کے مطابق ازواج مطہرات صرف مومن مردوں کی مائیں ہیں۔اس کی دلیل میں یہ حدیث ہے۔

''حضرت مسروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایک عورت نے حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کہا!

''اے اماں!''

تو حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا!

''میں تیری ماں نہیں ہوں بلکہ تمہارے مردوں کی ماں ہوں۔''

(طبقات ابن سعد، جلد نمبر 8، صفحہ نمبر 64) (سنن بیہقی، جلد نمبر 7، صفحہ نمبر 70)

ان حضرات کی رائے میں امہات المؤمنین صرف مومن مردوں کی مائیں ہیں کیونکہ حقیقی ماؤں کی طرح ان سے نکاح ہمیشہ کیلئے حرام ہے۔مزید تفصیل کے لیے امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''خصائص کبریٰ'' جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 250 دیکھیں۔

اس آیت کی رو سے یہ بات ثابت ہوئی کہ ازواج مطہرات رضوان اللہ علیہن کی عزت وتکریم اپنی حقیقی ماں سے بھی زیادہ کرنی چاہیے کیونکہ وہ حقیقی ماؤں سے زیادہ مرتبہ وشان کی مالک ہیں اوران کی شان میں ادنیٰ سی بے ادبی یا گستاخی کے الفاظ تک استعمال کرنا بھی حرام ہے۔ کیونکہ ان کو تکلیف دینے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا پہنچی ہے جو کہ اشد درجہ حرام ہے اور اگر حقیقی ماں کو تنگ اور ناراض کرنے والا اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم ہو جاتا ہے تو کتنے بد نصیب ہیں وہ جو اپنی روحانی ماؤں کی گستاخیاں کرتے ہیں اور ان کے متعلق بے ہودہ زبان استعمال کرتے ہیں۔

## بھائی یا والد......؟:

اس آیت مبارکہ سے یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے روحانی باپ ہیں نہ کہ بھائی۔جیسا کہ سنن ابی داؤد کی حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے ارشاد فرمایا!

"اِنَّمَا اَنَالَكُمْ بِمَنْزِلَةِ الْوَالِدِ"

(سنن ابی داؤد، تفسیر عثمانی صفحہ ۱۷ے)

"بے شک میں تمہارے لیے بمنزلہ باپ کے ہوں۔"

دوسری بات یہ کہ بھائی کی بیوی بھاوج ہوتی ہے نہ کہ ماں جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواجِ مطہرات مومنوں کی مائیں ہیں۔ جن لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بڑے بھائی کا درجہ دیا ہوا ہے وہ اس مذکورہ حدیث کے خلاف خود ساخت باتوں پر یقین کرنے والے پرلے درجے کے ظالم ہیں۔

## تمام جہاں کی عورتوں سے افضل:

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ازواجِ مطہرات کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتا ہے!

"يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ النِّسَآءِ"

(القرآن المجید، پارہ نمبر 22، سورۃ احزاب، آیت نمبر 32)

"اے نبی کی ازواج! تم نہیں ہو دوسری عورتوں میں سے کسی عورت کی طرح (بلکہ تم تمام جہاں کی عورتوں سے افضل ہو)۔

اس آیت مبارکہ میں ازواجِ مطہرات کو جو تمام خواتین سے افضل و ممتاز فرمایا جارہا ہے وہ اس افضل ترین نسبت کی وجہ ہے جو کہ ان کو ازواجِ رسول علیہ السلام ہونے پر ملی اور یہ ایسی عظیم الشان نسبت ہے کہ اس جیسی کوئی اور نسبت ہو نہیں سکتی۔

اس آیت مبارکہ سے یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ جب ازواج مطہرات سلام اللہ علیھن اجمعین کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نسبت ہو جانے سے تمام عالمین کی خواتین سے افضل واعلیٰ ہونے کا اعزاز عطا فرمادیا تو جس کی وجہ سے انہیں یہ اعزاز عطا ہوا وہ خود کس شان کا حامل ہو گا؟

## مراکزِ رحمت و برکت:

ارشاد ربانی ہے!

Marfat.com

"وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِي بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًاo"

(القرآن المجید، پارہ نمبر 22، سورۃ احزاب، آیت نمبر 34)

"(اے ازواج رسول) یاد رکھو کہ اللہ کی آیتوں اور حکمت کی باتوں کو جو پڑھی جاتی ہیں تمہارے گھروں میں بے شک اللہ تعالیٰ بڑا لطف فرمانے والا اور ہر بات سے باخبر ہے۔"

اس آیت مبارکہ میں اللہ رب العزت نے ازواج مطہرات کے گھروں کو وحی الٰہی اور حکمت ربانی کا گہوارہ قرار دیا ہے۔ یعنی یہی وہ مراکز ہیں جہاں سے تمام عالمین کی ہدایات کیلئے احکاماتِ الٰہی بزبانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نافذ ہوئے۔

اس آیت مبارکہ میں ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کو یہ بھی حکم ہو رہا ہے کہ تم میرے محبوب علیہ السلام سے میری آیتوں اور حکمت کی باتوں کو یاد کرو تاکہ خواتین کی تربیت کا اہتمام ہو سکے۔ حقیقت میں یہ امہات المومنین ہی ہیں جن کی وجہ سے نا صرف خواتین نے فرامینِ رسول علیہ السلام کو یاد کیا بلکہ مردوں کی بھی ایک بہت بڑی تعداد ان کی فیض یافتہ ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس دُنیا سے پردہ فرما جانے کے بعد اُمہات المومنین ہی کے گھر عوام الناس کے لئے درسگاہیں اور منبع فیوض برکات تھے۔

✡ ✡ ✡

Marfat.com

''میرے لیے بارگاہ رسالت میں جانے کی اجازت طلب کرو۔''
وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گیا اور واپس آ کر کہا!
اے عمر! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی جواب نہیں دیا۔''
پھر اتنے میں سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے۔ ان کیلئے بھی بارگاہ رسالت سے اجازت نہیں ملی۔ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں!
''میں پھر مسجد میں جا بیٹھا لیکن رنج وغم کی وجہ سے میری حالت غیر تھی۔ تھوڑی دیر کے بعد میں نے پھر جا کر بارگاہ رسالت میں جانے کی اجازت طلب کی اس بار اجازت مل گئی۔ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو بھی اجازت مل گئی۔''
سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ اوپر جب بارگاہ رسالت میں پہنچے تو دیکھا کہ ازواجِ مطہرات آپ علیہ السلام کے گرد بیٹھی ہیں مگر سر جھکائے خاموش ہیں۔
سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں!
''میں نے چاہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی ایسی بات کہوں جس سے آپ علیہ السلام خوش ہو کر ہنس دیں۔ پس میں نے کھڑے ہو کر کہا!
''یا رسول اللہ! آپ نے اس واقعہ کو ملاحظہ نہیں فرمایا کہ دختر فلاں (میری بیوی) نے بھی مجھ سے نفقہ مانگا تھا تو میں نے اس کی گردن مروڑ دی۔''
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ سن کر ہنس پڑے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اگلے دندان مبارک ظاہر ہو گئے اور فرمایا!
''یہ عورتیں بھی میرے پاس بیٹھی نفقہ مانگ رہی ہیں۔''
یہ سننا تھا کہ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہا اپنی بیٹی سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہا اپنی بیٹی سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کی جانب مارنے کو اٹھے کہ تم دونوں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی چیز کی تکلیف دیتی ہو جو موجود نہیں ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو منع فرما دیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج نے عرض کیا!
''بخدا! ہم عورتیں ہیں، ہم کو یہ بات معلوم نہ تھی اور واللہ! ہم آئندہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کبھی ایسی چیز کی درخواست نہیں کریں گے۔''

Marfat.com

اختیار کرتی ہوں۔ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ اپنی ازواج میں سے کسی کو یہ جواب نہ بتلایئے گا جو میں نے دیا ہے۔"

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

"اللہ تعالیٰ نے مجھے سخت گیر بنا کر نہیں بھیجا بلکہ تعلیم اور آسانی دینے والا بنا کر بھیجا ہے۔ لہٰذا جو کوئی مجھ سے پوچھے گی میں اسے بتا دوں گا۔"

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کل ازواج نے وہی کچھ اختیار کیا جو سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اختیار کیا تھا یعنی اللہ، اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور دار آخرت کو۔"

(الصحیح البخاری، باب وان کنتن تردن حدیث نمبر 786)

(الصحیح المسلم، باب ان تخییر امراتہ لا یکون طلاقا الا بالنیۃ، حدیث نمبر 1478)

## شانِ نزول:

اس آیت کا شان نزول چند ایک واقعات بنے جو ازواج مطہرات کی طرف سے پیش آئے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی منشاء کے خلاف تھے جن سے بلا مقصد و اختیار سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہنچی۔ ان واقعات میں سے ایک واقعہ وہ ہے جو صحیح مسلم میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں مذکور ہے کہ ازواج مطہرات نے جمع ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا مطالبہ کیا کہ ان کا نان و نفقہ بڑھایا جائے۔ تفسیر بحر محیط میں ابوحیان نے اس کی تشریح یہ بیان کی ہے کہ غزوۂ احزاب کے بعد بنو نضیر پھر بنو قریظہ کی فتوحات اور اموالِ غنیمت کی تقسیم نے عام مسلمانوں میں ایک گونہ خوشحالی پیدا کر دی تھی۔ ازواج مطہرات کو اس وقت یہ خیال ہوا کہ ان اموالِ غنیمت میں سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ بھی ہو گا۔ اس لیے انہوں نے جمع ہو کر عرض کیا!

"یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! قیصر و کسریٰ کی بیبیاں طرح طرح کے زیورات اور قیمتی لباسوں میں ملبوس ہیں اور ان کی خدمت کیلئے کنیزیں ہیں اور ہمارا فقر و فاقہ کا حال آپ دیکھتے ہیں اس لیے اب کچھ توسیع سے کام لیا جائے۔"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج مطہرات کی طرف سے یہ مطالبہ سنا کہ ان

Marfat.com

مضمون موجود ہے کہ ''اگر تم دنیا اور اس کی زینت چاہو تو آؤ میں تم کو طلاق دے کر مال و دولت دے دوں'' اور دوسری دلیل یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا!

''تم اس معاملے میں جلدی نہ کرنا یہاں تک کہ اپنے والدین سے مشورہ کرلو۔''

اس سے ظاہر ہے کہ یہ تفویض طلاق نہیں تھی کیونکہ تفویض طلاق میں تو یہ شرط ہے کہ فی الفور جواب ہو ورنہ مجلس بدلنے میں تفویض باطل ہو جاتی ہے۔

## اہم نکات:

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ اپنی شہرہ آفاق تفسیر ''تفسیر کبیر'' میں لکھتے ہیں کہ اس آیت میں چند مسائل بیان کئے گئے ہیں:

اول: یہ کہ اس آیت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ازواج مطہرات کو دنیا یا آخرت اختیار کرنے میں اختیار دینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر واجب تھا۔ یہ ذہن میں رہے کہ دنیا اختیار کرنے سے یہ مطلب نہیں کہ آخرت سے منہ موڑ کر فقط دنیا اختیار کرو کیونکہ یہ تو کفر ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ جو درجات آخرت میں تمہارے واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج ہونے کے ناطے ملتے ہیں ان کو چھوڑ کر کم تر درجہ اختیار کرلو اور اس کمی کے عوض دنیا میں یہ دنیاوی مال و متاع لے لو۔ اس سے یہ بات بھی ظاہر ہوتی ہے کہ سوائے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے جو بہ نصِ صریح آخرت میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ ہیں دیگر زوجات بھی آخرت میں آپ کی ازواج ہوں گی کیونکہ سبھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو اختیار کیا۔

دوم: حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب ازواج مطہرات نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دارِ آخر کو اختیار کیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو مشکور فرمایا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے انہیں ازواج پر اختصار کر دیا۔

آیت تخییر کے نزول کے بعد جب ازواج مطہرات سلام اللہ علیھن نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار کرلیا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے صلہ میں یہ حکم نازل کیا!

Marfat.com

# تعدادِ ازواجِ مطہرات

ازواجِ مطہرات کی تعداد کے بارہ میں مختلف اقوال ہیں۔ان میں زیادہ صحیح قول یہ ہے کہ ان کی تعداد پندرہ تھی۔ چنانچہ ابوطاہر نے سیف بن عمر کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ سیدنا انس بن مالک اور سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پندرہ عورتوں سے شادی کی ان میں سے تیرہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دخول فرمایا اور گیارہ ایک وقت میں آپ کے پاس رہیں اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا تو اس وقت نو زندہ تھیں۔

(تاریخ دمشق لابن عساکر،قسم لاسیرۃ،جلدنمبر 1،صفحہ نمبر 135)

(دلائل النبوۃ،از امام بیہقی،جلدنمبر 8،صفحہ نمبر 288)

علامہ ابن کثیر نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالہ سے بھی یہ روایت نقل کی ہے۔

(البدایہ والنھایہ،از علامہ ابن کثیر،جلدنمبر 5،صفحہ نمبر 255)

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات مختلف قبائل سے تعلق رکھتی تھیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات میں جو زیادہ مشہور تھیں اور تمام مورخین ان پر متفق ہیں۔ حسب ذیل تھیں۔

## قریشی ازواجِ مطہرات:

1: ام المومنین حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا بن خویلد بن اسد بن عبدالعزی بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن النضر بن کنانہ۔

2: ام المومنین سیدہ عائشہ بنت ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہما ابن ابی قحافہ (عثمان) بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرۃ بن کعب بن لوی۔

3: ام المومنین سیدہ حفصہ بنت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما بن نفیل بن عبدالعزی بن ریاح بن

Marfat.com

عبداللہ بن قرط بن رزاح بن عدی بن کعب بن لوی۔

4: ام المومنین سیدہ ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہما بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب۔

5: ام المومنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بنت ابی امیہ ھند بن سہیل بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم بن یقظہ بن مرہ بن کعب بن لوی بن غالب۔

6: ام المومنین سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا بنت زمعہ بن قیس بن عبد شمس بن عبدود بن نصر بن مالک بن حسل بن عامر بن لوی بن غالب۔

## غیر قریشی ازواج مطہرات:

7: ام المومنین سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بنت جحش بن رباب بن یعمر بن صیرہ بن مرہ بن کبیر بن غنم بن دودان بن اسد بن حزیمہ۔

8: ام المومنین سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بنت الحارث بن حزن بن بجیر بن الھزم بن رویبہ بن عبداللہ بن ھلال بن عامر بن صعصعہ بن معاویہ بن بکر بن منصور بن عکرمہ بن خصفہ بن قیس ھیلان۔

9: ام المومنین سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بن خزیمہ بن الحارث بن عبداللہ بن عمرو بن عبد مناف بن ھلال بن عامر بن صعصعہ بن معاویہ بن تکبر بن ھوازن بن منصور بن عکرمہ بن خصفہ بن قیس عیلانی۔

10: ام المومنین سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا بنت الحارث بن ابی ضرار بن حبیب بن عائذ بن مالک بن ضزیمہ بن سعد بن کعب بن عمرو بن ربعیہ بن حارثہ بن عمرو بن عامر۔

## غیر عربی زوجہ محترمہ:

11: ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا بن حیی بن اخطب بن ستیہ بن تغلب بن عامر بن عبید بن کعب بن الخزرج بن حبیب بن النفیر۔

اس زوجہ محترمہ کا تعلق بنی اسرائیل سے تھا۔

Marfat.com

## بوقتِ انتقالِ نبی ﷺ:

یہ ہیں وہ مشہور ازواج مطہرات سلام اللہ علیہن جن پر تمام مورخین متفق ہیں اور کسی نے ان کے بارے میں اختلاف نہیں کیا۔ان ازواج مطہرات میں سے دو کا انتقال سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ ہی میں ہو گیا۔ان میں ایک ام المومنین سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد تھیں اور دوسری سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بنت حزیمہ۔

جس وقت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا اس وقت نو (9) ازواج مطہرات زندہ تھیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

1: ام المومنین سیدہ عائشہ بنت صدیق اکبر بن قحافہ رضی اللہ عنہم

2: ام المومنین سیدہ حفصہ بنت عمر فاروق رضی اللہ عنہما

3: ام المومنین سیدہ ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہما

4: ام المومنین سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا بنت زمعہ

5: ام المومنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بنت ابی امیہ

6: ام المومنین سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بنت الحارث

7: ام المومنین سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بنت جحش

8: ام المومنین سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا بنت الحارث

9: ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا بنت حیی بن اخطب

(التلقیح فھرم اھل الاثر، لابن الجوزی، صفحہ نمبر 30)

☼ ☼ ☼

Marfat.com

# وہ خواتین جو حرم نبوی کی زینت نہ بن سکیں

مذکور ازواج مطہرات کے علاوہ حضور نبی کریم علیہ السلام نے دوسری خواتین کے ساتھ بھی نکاح فرمایا مگر وہ کسی نہ کسی عارضہ کی وجہ سے حرم نبوی کی زینت نہ بن سکی۔ ان میں سے بعض خواتین یہ ہیں:

1: سیدہ فاطمہ بنت شریح رضی اللہ عنہا
2: سیدہ اسماء بنت نعمان رضی اللہ عنہا
3: سیدہ لیلیٰ بنت الخطیم رضی اللہ عنہا
4: سیدہ نشاۃ بنت رفاعہ رضی اللہ عنہا
5: عالیہ بنت ظبیان
6: قتیلہ بنت قیس
7: شنباء بنت عمر الغفاریہ
8: خولہ بنت الہذیل

تاریخ طبری کے حوالے سے اب ان خواتین میں سے بعض کا مختصر تذکرہ پڑھیے۔

## سیدہ فاطمہ بنت شریح رضی اللہ عنہا:

مصطفیٰ کریم علیہ السلام نے فاطمہ بنت شریح رضی اللہ عنہا سے بھی نکاح فرمایا۔ ابن الکلبی کی روایت کے مطابق ان کا نام "غزیہ بنت جابر تھا اور ان کی کنیت ام شریک تھا۔ پہلے شوہر سے ان کا ایک بیٹا تھا جس کا نام شریک تھا، اسی بناء پر آپ کی کنیت ام شریک ہوئی۔ آپ مسلمان تھیں اور قریش کی عورتوں کے پاس دعوت اسلام لے کر جایا کرتی تھیں۔ آپ نہایت پاکباز، نیک سیرت اور متقی خاتون تھیں۔ جب مصطفیٰ کریم علیہ السلام نے ان سے نکاح کیا اور ان کے پاس گئے تو انہیں بہت ضعیف پایا۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں طلاق دے دی۔

Marfat.com

(تاریخ طبری، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 499)

## سیدہ اسماء بنت نعمان رضی اللہ عنہا:

روایات کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسماء بنت نعمان بن الاسود بن شراحیل بن الجون بن حجر بن معاویۃ الکندی رضی اللہ عنہا سے بھی نکاح فرمایا۔ جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خلوت میں ان کے پاس گئے تو ان کے جسم پر برص اور پھلبہری کے نشانات دیکھے جن کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے مقاربت نہیں فرمائی اور ان کو مقررہ حق مہر اور دیگر سامان دے کر رخصت کر دیا۔

بعض روایات کے مطابق جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لے گئے تو اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ کی پناہ مانگی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں رخصت کر دیا۔

(تاریخ طبری، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 498)

## سیدہ لیلیٰ بنت الخطیم رضی اللہ عنہا:

علامہ طبری رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کے مطابق سیدہ لیلیٰ بنت الخطیم بن عمرو بن سواد بن ظفر بن الحارث بن الخزرج رضی اللہ عنہا خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئیں، اس وقت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم آفتاب کی طرف پشت کر کے بیٹھے ہوئے تھے۔ انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے شانے پر ہاتھ مارا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا!

''کون ہے؟''

حضرت لیلیٰ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا!

''میں اس شخص کی اولاد ہوں جو ہوا سے مسابقت رکھتا تھا۔ میں لیلیٰ بنت الخطیم ہوں۔ میں آپ کی پاس اس لیے آئی ہوں کہ اپنے آپ کو آپ علیہ السلام کے حضور پیش کروں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اپنی بیوی بنا لیں۔''

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

''اچھا میں نے تم سے نکاح کیا۔''

Marfat.com

جب حضرت لیلیٰ بنت الخطیم رضی اللہ عنہا نے واپس آ کر اپنی قوم کو یہ واقعہ بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے نکاح فرمالیا ہے تو قوم والوں نے ان سے کہا!

''آپ نے بہت بری بات کی۔ آپ بہت غیور ہو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی متعدد بیویاں پہلے سے ہیں۔ جن کے ساتھ آپ کا نباہ نہ ہو سکے گا۔ چنانچہ واپس جاؤ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے معافی مانگ لو۔''

چنانچہ حضرت لیلیٰ بنت الخطیم رضی اللہ عنہا واپس آئیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا!

''مجھے معاف فرمادیں۔''

مصطفیٰ کریم علیہ السلام نے فرمایا!

''اچھا میں نے تمہیں معاف کیا۔''

(تاریخ طبری، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 500)

## سیدہ نشاۃ بنت رفاعہ رضی اللہ عنہا:

مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت نشاۃ بنت رفاعہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ نکاح فرمایا۔ ان کا تعلق بنی کلاب بن ربیعہ سے تھا جو کہ بنی قریضہ کے خاندان بنی رفاعہ کے حلیف تھے۔ آپ رضی اللہ عنہا کے نام میں اختلاف ہے۔ بعض نے ان کا نام سناء بنت اسماء بن الصلت السلمیہ بیان کیا ہے، بعض نے سبا بنت اسماء بنت الصلت السلمیہ بیان کیا ہے اور بعض راویوں نے ان کا نام سناء بنت الصلت بن حبیب بن حارثہ بن ہلال بن حرام بن سمان بن عوف السلمی بیان کیا ہے۔

علامہ طبری رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے نکاح فرمایا لیکن قبل اس کے آپ علیہ السلام ان کے پاس تشریف لے کر جاتے ان کا وصال ہو گیا۔ اس لیے یہ حرم نبوی کی زینت نہ بن سکیں۔

(تاریخ طبری، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 497)

## قتیلہ بنت قیس:

Marfat.com

امام طبری رحمۃ اللہ علیہ کی روایت کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اشعث بن قیس کی بہن قتیلہ بن قیس بن معدیکرب کے ساتھ بھی نکاح کیا۔ اس سے قبل کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے ساتھ مقاربت فرماتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد یہ اپنے بھائی کے ساتھ مرتد ہو گئی۔

(تاریخ طبری، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 499)

## شنباء بنت عمر الغفاریہ:

روایات کے مطابق مصطفیٰ کریم علیہ السلام نے شنباء بنت عمر سے بھی نکاح فرمایا۔ اس کا تعلق قبیلہ غفاریہ سے تھا جو کہ بنو قریظہ کا حلیف تھا۔ بعض نے کہا ہے کہ ان کا تعلق بنو قریظہ سے ہی تھا۔ چونکہ بنو قریظہ ہلاک کر دیئے گئے تھے اس لئے ان کا صحیح نام و نسب معلوم نہیں ہو سکا۔ بعض نے ان کو کنانیہ بھی لکھا ہے۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے نکاح فرمایا اور خلوت میں تشریف لے گئے تو ان کے ایام حیض شروع ہو گئے۔ مصطفیٰ کریم علیہ السلام واپس تشریف لے آئے۔ اسی دوران مصطفیٰ کریم علیہ السلام کے صاحبزادے حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کا وصال ہو گیا تو شیطانی وسوسے کی وجہ سے شنباء بنت عمر الغفاریہ نے کہہ دیا!

''اگر آپ رسول ہوتے تو آپ کا پیارا صاحبزادہ فوت نہ ہوتا۔''

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا علم ہوا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے رخصت کر دیا۔ اس طرح یہ بھی حرم نبوی کی زینت نہ بن سکی۔

(تاریخ طبری، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 497)

☆☆☆

Marfat.com

# ترتیبِ نکاح

اس امر میں کسی مورخ اور محدث کو کوئی اختلاف نہیں کہ ازواج مطہرات میں سب سے پہلے سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حبالہ عقد میں آئیں اور جب تک حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا زندہ رہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی اور عورت سے نکاح نہیں کیا۔ یہ بھی سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کی خصوصیت ہے۔ سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے انتقال کے بعد مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جن خواتین سے نکاح فرمایا ان کی ترتیب میں اختلاف ہے۔

1: عبداللہ بن محمد بن عقیل رضی اللہ عنہم (جو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی عقیل رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کے پوتے تھے اور ان کی والدہ کا نام زینب بنت علی بنت ابی طالب تھا۔ عبداللہ کا انتقال 42 ہجری میں ہوا) فرماتے ہیں!

”سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المومنین سیدہ عائشہ بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما سے نکاح فرمایا، پھر ام المومنین سیدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا سے، پھر ام المومنین سیدہ ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہما سے، پھر ام المومنین سیدہ حفصہ بنت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہما سے، پھر ام المومنین سیدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے، پھر ام المومنین سیدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا سے، پھر ام المومنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے، پھر ام المومنین سیدہ میمونہ بنت الحارث رضی اللہ عنہا سے، پھر ام المومنین سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا بنت الحارث سے اور پھر ام المومنین سیدہ زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا سے۔“

2: مشہور محدث و مفسر حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں!

”نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے سیدہ خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ عنہا، پھر سودہ

Marfat.com

# نفقہ وحق مہر

نکاح کے لئے حق مہر نہایت ضروری ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنی ازواج مطہرات کا حق مہر مقرر فرمایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق مہر کی مقدار کے بارے میں مختلف روایات ہیں۔

1: چنانچہ ابن اسحاق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں!

''اِنَّ صَدَاقَهٗ ﷺ لِاَکْثَرِ اَزْوَاجِ اَرْبَعُ مِاَةِ دِرْهَمْ''

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر ازواج مطہرات کا حق مہر چار سو درہم تھا۔''

(اخرجہ البسوی فی التاریخ، جلد نمبر 3، صفحہ نمبر 338، بسند صحیح)

(السیرۃ النبویہ، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 644)(اخرجہ البیہقی، جلد نمبر 3، صفحہ نمبر 460)

2: یہ تو محمد ابن اسحاق کی روایت ہے جس میں ازواج مطہرات کی اکثریت کے حق مہر کا ذکر ہے لیکن صحیح مسلم میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں!

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کا حق مہر بارہ اوقیہ اور نش تھا۔''

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا!

''تم جانتے ہو کہ ''نش'' کیا ہے؟''

راوی نے عرض کیا!

''نہیں۔''

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا!

''نش'' سے مراد نصف اوقیہ ہے یعنی ازواج مطہرات کا حق مہر ساڑھے بارہ اوقیہ تھا جو کہ پانچ سو درہم کے برابر تھا۔''

(الصحیح المسلم، کتاب النکاح، باب الصداق، حدیث نمبر 1426)

Marfat.com

عباس بن عبد المطلب رضی اللہ عنہما نے کیا اور ان کا حق مہر سیدنا عباس رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ادا فرمایا۔"

(سیرۃ ابن ھشام، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 644) (الروض الانف، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 268)

## نفقۂ ازواجِ مطہرات:

ازواجِ مطہرات کے نان ونفقہ کی مقدارؓ کے بارے میں صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنی نضیر کی کھجوریں فروخت کرتے اور اپنی ازواج کیلئے ایک سال کا نان ونفقہ خرید کر رکھ لیتے۔"

(الصحیح البخاری، باب حبس الرجل قوۃ سنۃ علی اہلہ، حدیث نمبر 5357)

(الصحیح المسلم، باب حکم الفی، حدیث نمبر 1757)

علامہ ابن حزم نے جوامع السیرۃ صفحہ نمبر 38 پر تحریر کیا ہے!

"سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج مطہرات کیلئے ہر سال بیس "وسق" جو اور اسی "وسق" کھجوریں بطورِ نان ونفقہ رکھتے۔ یہ مقدار ان میں سے ہر زوجہ محترمہ کے لئے ہوتی۔ یہاں یہ بھی ذہن میں رہے کہ ہر زوجہ محترمہ کے پاس غلام اور لونڈیاں بھی ہوتیں۔ یہ نفقہ وہ ان پر بھی خرچ فرماتیں۔ یہ روایت ابن حبان نے اپنی ایک طویل حدیث میں ضمناً ذکر کی ہے۔

(جوامع السیرۃ، صفحہ نمبر 38) (موارد الظمآن، صفحہ نمبر 1697)

"وسق" بحساب درہم پانچ من، اڑھائی سیر اور اسی تولہ ہوتا ہے۔

☼ ☼ ☼

Marfat.com

# کثرتِ ازواج کی حکمتیں

کافروں اور منکروں کا تو کام ہی مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت وشان کم کرنے کے مواقع حاصل کرنا ہے لیکن بدبختی کی انتہا تو یہ ہے کہ ایک ایسا گروہ بھی ہے جو خود کو مسلمان بھی کہتا ہے اور پھر کفار و منکرین سے زیادہ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے نسبت والی ہر چیز سے بغض عناد رکھتا ہے۔ کثرت ازواج بھی ایسا مسئلہ ہے جس پر طرح طرح کی بکواسات وخرافات سننے اور پڑھنے میں آتی رہتی ہیں لیکن عاشق کا یہ کام ہے کہ اگر بدعقیدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، آپ کی ازواج وآل اور اصحاب رضی اللہ عنہم اجمعین کی شان کو کم کرنے کی کوشش کریں تو عاشق زیادہ ذوق وشوق اور محبت کے ساتھ ان اصحاب رضی اللہ عنہم اجمعین کا ذکر کرے اور ان کی عظمت بیان کرے۔

یہاں پر ہم کثرت ازواج کی چند حکمتیں بیان کرتے ہیں جن سے قارئین کرام کو اس کے فوائد وثمرات سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

## اہتمامِ تعلیم وتربیت:

1: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعدد نکاح فرمانے کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ عورتوں کیلئے کئی معلمات تیار کی جائیں جو انہیں شرعی احکام سکھائیں۔ اس لیے کہ عورتوں پر مردوں کے مقابلے میں بہت سی تکالیف ڈالی گئی ہیں اور اکثر عورتیں بعض امور شرعیہ کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنے میں حیاء کرتی تھیں۔ خاص کر خواتین حیض، نفاس، جنابت اور حقوقِ زوجیت وغیرہ کے بارے میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنے میں شرماتی تھیں اور جب بھی ان مسائل میں سے کسی کے بارے میں سوال کرنے کا کوئی ارادہ کرتیں تو ان پر شرم وحیاء غالب آجاتی تھی جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق میں کامل حیاء شامل تھی جس کے بارے میں احادیث وسنن کی کتابیں روایت

Marfat.com

کرتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کنوری لڑکی جو اپنی چادر میں ہوتی ہے اس سے بھی زیادہ حیاء والے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کی طرف سے پیش کیے گئے ہر سوال کا صراحت و وضاحت کے ساتھ جواب نہ دیتے بلکہ بعض اوقات کنایات استعمال فرماتے تھے اور سائلہ کبھی کنایہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد کو نہ سمجھتی۔

اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ عفیفہ طاہرہ طیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انصار کی ایک خاتون نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے حیض کے غسل کے متعلق سوال کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل کا طریقہ سمجھایا پھر اسے فرمایا!

''ایک خوشبودار کپڑا لے کر اس کے ساتھ پاکی حاصل کرو!''

اس نے عرض کیا!

''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اس کے ساتھ کیسے طہارت حاصل کروں؟''

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

''پس تم طہارت حاصل کرو۔''

اس نے پھر عرض کیا!

''میں کیسے پاکیزگی حاصل کروں۔''

وہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے کنایہ کو نہیں سمجھ رہی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

''سبحان اللہ! اس کے ساتھ پاکی حاصل کرو۔''

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں!

''میں نے اس کا ہاتھ پکڑ کر کھینچا اور اسے کہا کہ اس کپڑے کو فلاں جگہ (شرمگاہ) پر رکھو اور خون کے اثر کو اس کے ساتھ صاف کرو۔ میں نے صراحت کے ساتھ اس جگہ کا ذکر کیا جہاں پر اس نے کپڑے کو رکھنا تھا یعنی شرمگاہ۔''

2: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح صراحت کرنے سے حیاء فرماتے تھے اور بہت کم ایسی خواتین بھی تھیں جو اپنے نفس اور حیاء پر غلبہ حاصل کر کے واضح طور پر درپیش مسئلہ کے متعلق سوال کرتی تھیں جس کی مثال صحیحین میں مروی یہ روایت ہے!

Marfat.com

''ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی زوجہ ام سلیم رضی اللہ عنہا سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا!

''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ حق بات کہنے سے حیاء نہیں فرماتا، کیا جب عورت کو احتلام ہو تو اس پر بھی غسل ہے۔؟''

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

''ہاں! جب کہ وہ پانی (منی) دیکھے۔''

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے ام سلیم رضی اللہ عنہا کو فرمایا!

''تو نے عورتوں کو رسوا کر دیا ہے، کیا کبھی عورت کو بھی احتلام ہوتا ہے؟''

اس کے جواب میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

''اگر عورت کو احتلام نہ ہو تو پھر بچہ اس کے مشابہ کیسے۔''

3: حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں!

''اللہ تعالیٰ انصاری عورتوں پر رحم فرمائے ان کو حیاء نے دین سیکھنے سے منع نہیں فرمایا اور ان عورتوں میں سے کوئی عورت اندھیرے میں ازواج مطہرات کی طرف آتی تا کہ ان سے بعض دینی امور اور حیض، نفاس، جنابت وغیرہ کے احکام کے متعلق سوال کرے تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات ان کیلئے بہترین معلمات اور عمدہ راہ دکھانے والی ہوتیں اور انہیں کے طریقہ سے عورتوں نے اللہ کے دین میں سمجھ بوجھ حاصل کی۔''

یہ تسلیم شدہ بات ہے کہ عورتوں تک دین کا وافر حصہ امہات المومنین کے ذریعے پہنچا۔ ازواج نبی علیہ السلام کے علاوہ کون ہے جو گھر میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال اور افعال کو ہمارے لیے نقل کرتا۔؟ بیشک حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام احوال و اطوار اور گھر کے افعال کو نقل کرنے میں ازواج مطہرات کو بہت فضیلت حاصل ہے اور انہی نے عورتوں تک ان کے مسائل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھ کر پہنچائے۔

ازواج مطہرات میں سے ہی بعض معلمات اور محدثات بنیں جنہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کو نقل کیا اور وہ قوت حافظہ، قابلیت اور لیاقت میں مشہور ہوئیں۔

4: علماء فرماتے ہیں!

Marfat.com

"كَانَ الرِّجَالُ يَرْجِعُوْنَ بَعْدَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلٰى اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ فِىْ كَثِيْرٍ مِّنْ اَحْكَامِ الدِّيْنِ وَلَا سِيَّمَا الزَّوْجِيَةِ"

"مرد بھی دین کے بہت سے مسائل میں امہات المومنین کی طرف رجوع کیا کرتے تھے۔ خصوصاً ازدواجی زندگی کے مسائل میں۔"

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی فقاہت، حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کی دقیقہ رسی، سیدنا صدیق اکبر و سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہما کی عقدہ کشائی جن مسائل میں آ کر اٹک جاتی تھی وہاں ان کی گرہ کشائی کے لئے انہیں بعض زواج مطہرات ہی کی طرف رجوع کرنا پڑتا تھا کیونکہ خلوت گاہِ نبوت کا راز دار امہات المومنین کے سوا کوئی دوسرا نہ تھا۔ شمعِ نبوت کے پروانے خلوت کی زندگی سے واقف نہ تھے اور امہات المومنین حقائق خلوت کی بھی راز دار تھی۔ ہم تو یہاں تک دیکھتے ہیں کہ بعض امہات تفسیر وفقہ کے حقائق و دقائق بھی ان واقف کارانِ جلوت کو بتاتی تھیں۔ ظاہر ہے کہ نصف دین کی تکمیل اور دنیا کی آدھی آبادی کی تعلیم کا یہ عظیم الشان کام ایک دو عورتوں سے نہیں چل سکتا تھا۔ اسی لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زائد نکاح فرمائے تاکہ دنیا کی نصف آبادی (یعنی عورتوں) تک بھی ان کے مکمل مسائل پہنچ جائیں۔

اسی حکمت کا تذکرہ علامہ محمود آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے ان الفاظ میں فرمایا!

"لِتَكْثِيْرِهِ النِّسَاءَ حِكْمَةٌ دِيْنِيَّةٌ جَلِيْلَةٌ اَيْضًا وَهِيَ نَشْرُ الْاَحْكَامِ الشَّرْعِيَّةِ لَا تَكَادُ تَعْلَمُ اِلَّا بِوَاسِطِهِنَّ"

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کثرت ازواج میں ایک عظیم دینی حکمت یہ بھی ہے کہ اس سے ان احکام شرعیہ کی اشاعت ہوئی جو خواتین کے بغیر نہیں ہو سکتی تھی۔"

(تفسیر روح المعانی، پارہ نمبر 23، صفحہ نمبر 64)

## جاہلیت کی ناپسندیدہ رسوم کا قلعہ قمع:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد شادیاں زمانۂ جاہلیت کی بعض ناپسندیدہ عادات ختم کرنے کیلئے کیں تھیں۔ مثلاً: کسی کو منہ بولا بیٹا بنانے کی بدعت کہ عرب اسلام سے قبل

Marfat.com

ایسا کرتے تھے۔ کوئی شخص کسی کو اپنا متبنیٰ بنالیتا تھا جو کہ اس کی پشت سے نہیں تھا اور اسے صلبی بیٹے کے حکم میں رکھتا تھا اور جیسا کہ نسبی بیٹوں کے احکام ہوتے ہیں (مثلاً میراث، طلاق، شادی رضائی محرمات اور نکاح کے ساتھ حرام ہونے والی اشیاء وغیرہ) متبنیٰ کو بھی اسی طرح حقیقی بیٹا بنا لیتے تھے اور تمام احوال میں نسبی بیٹے کی طرح احکام جاری کرتے تھے اور یہ تقلیدی دین تھا جس کی جاہلیت میں پیروی کی جاتی تھی۔ ان میں سے کوئی غیر کے بیٹے کو بیٹا بنا کر کہتا تھا تو میرا بیٹا ہے میں تمہارا وارث ہوں اور تم میرے وارث ہو اور اسلام کے لائق یہ بات نہیں تھی کہ وہ باطل کا قلعہ قمع نہ کرے اور نہ ہی یہ بات لائق تھی کہ لوگ جہالت کے اندھیروں میں بھٹکتے رہیں۔

رسول کریم علیہ السلام نے عرب کے دستور کے مطابق زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو اپنا بیٹا بنالیا اور اس طرح جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو بیٹا بنایا تو لوگ اس دن کے بعد زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو "زید بن محمد" کہہ کر پکارنے لگے۔

امام بخاری و مسلم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا ہے کہ بیشک لوگ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام زید بن حارثہ کو زید بن محمد کہہ کر پکارتے تھے یہاں تک کہ قرآن پاک نازل ہوا (کہ لوگوں کو ان کے آباء کے نام کے ساتھ پکارا جائے یہ اللہ کے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے) اس پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

"تم زید بن حارثہ بن شراحیل ہو۔"

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے منہ بولے بیٹے کی شادی اپنی اپنی پھوپھی زاد حضرت زینب بنت جحش الاسدیہ رضی اللہ عنہا سے کی تھی اور انہوں نے ایک مدت تک ان کے ساتھ زندگی بسر کی لیکن زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ ان دونوں کے درمیان تعلقات کشیدہ ہو گئے۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا حضرت زید رضی اللہ عنہ کو سخت بات کہتی تھیں اور اپنے آپ کو ان سے زیادہ معزز سمجھتی تھیں کیونکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ بولا بیٹا بنانے سے پہلے وہ غلام تھے جبکہ یہ اعلیٰ حسب ونسب والی تھیں۔

اللہ تعالیٰ کی حکمت کے تحت حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو طلاق دے دی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب علیہ السلام کو حکم دیا کہ آپ علیہ السلام حضرت زینب رضی اللہ عنہ سے شادی کریں تاکہ متبنیٰ کی بدعت کا بطلان کیا جائے، اسلام کی بنیادوں کو

Marfat.com

مضبوط کیا جائے اور وہ جاہلیت پر اپنے اصولوں کی وجہ سے غالب آ جائے۔ لیکن حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقین اور فجار کی وجہ سے کہ وہ کہیں گے کہ محمد نے اپنے بیٹے کی بیوی سے شادی کی ہے تھوڑی سی تاخیر فرمائی تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ آیت نازل ہوئی جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا!

''اور آپ لوگوں سے ڈرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اس بات کا زیادہ مستحق ہے کہ آپ اس سے ڈریں پس جب زید نے اس سے حاجت پوری کی تو ہم نے آپ کا نکاح اس (حضرت زینب) سے کر دیا تاکہ مومنین کے لیے اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں (سے نکاح کرنے) میں حرج نہ ہو جب وہ ان سے اپنی حاجت کو پورا کر لیں اور اللہ تعالیٰ کا امر ہونے والا ہے۔''

اس طرح وہ عادات کہ زمانہ جاہلیت میں جن کی پیروی کی جاتی تھی اور جو موروثی دین میں شامل تھیں ان سب کا بطلان ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ کی نئی شریعت کی تاکید کیلئے یہ ارشاد ربانی نازل ہوا۔

''نہیں ہیں محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ لیکن اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں اور اللہ تعالیٰ ہر شے کو جاننے والا ہے۔''

(القرآن الکریم، پارہ نمبر 22، سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 40)

الصحیح البخاری میں ہے کہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا دیگر ازواج مطہرات کے مقابلے میں فخر سے کہتی تھیں کہ ''تمہاری شادی تمہارے گھر والوں نے کی ہے جبکہ میری شادی اللہ تعالیٰ نے کی ہے۔''

## پیاروں کی دلجوئی:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں میں سب سے محبوب اور قدر و منزلت میں سب سے بلند شخص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نور نظر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اسلام لانے میں لوگوں پر سبقت کی، اپنا جسم، روح، مال اللہ کے دین کی نصرت کے راستے میں وقف کر دیا اور اسلام کے راستے میں اذیتیں برداشت کیں۔ یہاں تک کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا!

Marfat.com

"ہم نے ہر ایک آدمی کے احسان کا پورا پورا بدلہ دیا ہے سوائے ابو بکر صدیق کے۔ بیشک ان کا ہمارے پاس احسان ہے جس کا بدلہ انہیں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ خود عطا فرمائے گا اور کسی کے مال نے مجھے کبھی بھی اتنا فائدہ نہیں دیا جتنا فائدہ ابو بکر کے مال نے دیا ہے اور میں نے کسی پر بھی اسلام پیش نہیں کیا مگر اس نے ہچکچاہٹ کا مظاہرہ کیا مگر ابو بکر کہ انہوں نے ذرا بھی تاخیر نہیں کی۔ اگر میں کسی کو دوست بناتا تو ابو بکر کو دوست بناتا اور خبر دار! سن لو! تمہارا ساتھی (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ تعالیٰ کا خلیل (دوست) ہے۔"

پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا میں ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا بدلہ اس کے سوا نہ پایا کہ ان کی آنکھوں کو ان کی بیٹی کے ساتھ شادی کر کے ٹھنڈا کریں اور ان کے درمیان رشتہ اور قرابت پیدا ہو جائے جو ان دونوں کی صداقت اور مضبوط ربط کو زیادہ کرے۔ جیسا کہ آپ علیہ السلام نے حضرت حفصہ بنت عمر فاروق رضی اللہ عنہما سے شادی فرمائی جو کہ ان کے باپ عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اسلام، صدق اخلاص اور اس دین کے راستے میں فنا ہو جانے پر ان کی آنکھوں پر ٹھنڈک بن گئی۔ پس حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کے ساتھ مصاہرت کا طریقہ ان کے اسلام کے راستے میں دوسرے لوگوں پر مقدم ہونے کا بہترین بدلہ تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مصاہرت کے شرف میں دونوں وزیروں (سیدنا ابو بکر صدیق اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما) کے درمیان مساوات اختیار فرمائی اور ان دونوں کی بیٹیوں کے ساتھ شادی۔ یہ ان دنوں کیلئے نہ صرف بہت بڑا اشرف تھا بلکہ عظیم بدلہ، احسان بھی تھا اور اس زندگی میں اس سے بڑھ کر ان دونوں کو بدلہ دینا ممکن نہ تھا۔

## امن عامہ کے لئے:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض عورتوں کے ساتھ شادی ان پر تالیف قلب کے سبب اور اسلام کی سربلندی کے لیے کی۔ یہ تسلیم شدہ بات ہے کہ انسان جب کسی قبیلہ یا خاندان میں سے شادی کرتا ہے تو ان کے درمیان قرابت پیدا ہو جاتی ہے اور یہ بات طبعی طور پر ان لوگوں کو اس شخص کی نصرت اور حمایت کی طرف بلاتی ہے۔ ہم اس پر بعض مثالیں آپ کے سامنے پیش کرتے ہیں تا کہ ہمارے لیے وہ حکمت واضح ہو جائے جس کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان

Marfat.com

شادیوں کے پیچھے ہدف بنایا تھا۔

1: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی مصطلق کے سردار کی بیٹی سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا بنت حارث سے شادی فرمائی جو کہ اپنی قوم اور خاندان کے ساتھ قیدی بنالی گئی تھیں۔ قید کے بعد انہوں نے اپنی طرف سے فدیہ دینا چاہا تو وہ کچھ مال لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدد طلب کرنے کے لیے آئیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سامنے یہ بات پیش کی کہ کیا میں تمہاری طرف سے فدیہ ادا کردوں تو تو مجھ سے شادی کرلے گی۔؟ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات قبول کرلی اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے شادی کی۔ اس پر مسلمانوں نے کہا!

''کیا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حال میں شادی کی ہے کہ وہ بنو مصطلق ہمارے قیدی ہیں؟''

مسلمانوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قبلہ میں نکاح کرنے کی وجہ سے ان تمام قیدیوں کو رہا کردیا جو کہ ان کے قبضے میں تھے۔ جب بنو مصطلق نے یہ کرم و بلندی، یہ بزرگی اور مروت دیکھی تو وہ سب اسلام لے آئے اور دین خداوندی میں داخل ہوگئے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا سے شادی کرنا ان کے لیے اور ان کی قوم و خاندان کے لیے برکت کا باعث بنا کیونکہ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا ان سب لوگوں کے اسلام لانے اور ان کی آزادی کا سبب تھیں۔

2: اسی طرح حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المومنین سیدہ صفیہ بنت حیی بن اخطب رضی اللہ عنہا سے شادی فرمائی جو کہ غزوۂ خیبر میں شوہر کے قتل کے بعد قیدی بنالی گئی اور ایک صحابی کے حصہ میں آئی۔ مسلمانوں کے اہل رائے لوگوں نے کہا!

''یہ بنی قریظہ کی سردار کی بیٹی ہیں اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی اور کیلئے ان کا ہونا صحیح نہیں۔''

یہ بات سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور دو باتوں میں سے کسی ایک کو اختیار کرنے کا حق دیا۔

پہلی یہ کہ انہیں آزاد کردیا جائے اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے شادی کرلیں۔ دوسری یہ کہ

Marfat.com

''میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ میں اھل جنت کے سوا کسی سے نکاح نہ
کروں، شادی صرف اھل جنت سے ہو تو اللہ تعالیٰ نے میری دعا کو قبول
فرمایا۔''

ایک اور حدیث اقدس میں ہے!

''بے شک اللہ تعالیٰ میرے لیے بس وہی عورتیں پسند فرماتا ہے اور میری بیٹیوں کے لیے وہی مرد پسند فرماتا ہے جو اہل جنت سے ہو۔''

(جمرۃ النساب، صفحہ نمبر 710)

ان احادیث سے یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوگئی کہ تمام کی تمام ازواج مطہرات سلام اللہ علیہن اجمعین جنتی ہیں اور ان تمام ازواج میں سے کسی ایک کے متعلق غلط سوچ رکھنے والا صراط مستقیم پر نہیں۔

## حرمتِ قطعی:

ارشاد باری تعالیٰ ہے!

''وَمَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَآ اَنْ تَنْكِحُوْٓا اَزْوَاجَهٗ
مِنْۢ بَعْدِهٖٓ اَبَدًا اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا''

(القرآن المجید، پارہ نمبر 22، سورۃ احزاب، آیت نمبر 53)

''(اے ایمان والو!) تم کو یہ زیب نہیں دیتا کہ تم اذیت پہنچاؤ اللہ کے رسول کو اور تمہیں اس کی بھی اجازت نہیں کہ تم نکاح کرو ان کی ازواج سے ان کے بعد کبھی بھی بیشک ایسا کرنا اللہ کے نزدیک گناہ عظیم ہے۔''

اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو جو پہلا حکم دے رہا ہے وہ یہ ہے کہ تم کو اس بات کی ہرگز اجازت نہیں کہ تم ایسا کام کرو جس سے میرے پیارے محبوب علیہ السلام کو ذرا برابر بھی تکلیف پہنچے۔ یہاں تک فرمایا!''لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ'' یعنی اپنی آواز بھی میرے محبوب علیہ السلام سے اونچی مت کرو اور اگر ایسا ہو گیا تو ''اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ'' تمہارے تمام اعمال ضائع ہو جائیں گے اور تمہیں پتہ بھی نہ چلے گا۔ تو جب

Marfat.com

ایک ادنیٰ سی بے ادبی کی وجہ سے تمام اعمال ضائع کر دیئے جائیں گے تو ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جو اہل بیت رسول سلام اللہ علیہم اجمعین کی شان میں بے باکیاں کرتے ہیں اور پھر بھی اپنے آپ کو مومن کہتے ہیں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ازواجِ مطہرات کی رفعت وشان ظاہر کرنے کیلئے ایمان والوں کو حکم دیا ہے کہ تم ان کو عام عورتیں خیال مت کرو بلکہ یہ تم پر ہمیشہ ہمیشہ کیلئے حرام ہیں۔ تمہیں ان کے ساتھ نکاح کرنے کی اجازت نہیں یہ امہات المومنین ہیں اور تم اس چیز کو معمولی خیال نہ کرو بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت بڑا جرم ہے۔

اس آیت سے یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا دینا در حقیقت اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سبب ہے اور ایذائے رسول علیہ السلام کی جس قدر بھی اقسام ہوسکتی ہیں ان میں سب سے زیادہ سخت وہ صورت ہوگی جس میں اہل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کے خلاف کوئی بات یا عمل کیا جائے۔

## اُمت کی مائیں:

ارشادِ باری تعالیٰ ہے!

"اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِہِمْ وَاَزْوَاجُہٗٓ اُمَّہٰتُہُمْ"

(القرآن الکریم، پارہ نمبر 21، سورۃ احزاب، آیت نمبر 6)

"نبی ﷺ مومنوں کی جانوں سے بھی زیادہ ان کے قریب ہیں اور آپ ﷺ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔"

علمائے لغات نے اولیٰ کا معنیٰ "زیادہ قریب، زیادہ حقدار اور زیادہ مالک" کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے یہ تینوں معنی درست ہیں۔"

1: ازواجِ مطہرات کو امت کی مائیں فرمانے سے مراد تعظیم وتکریم کے اعتبار سے مائیں ہونا ہے۔ ماں اور اولاد کے دوسرے احکام حرمت نکاح اور محرم ہونے کی وجہ سے باہم پردہ نہ ہونا اور میراث میں حصہ دار ہونا وغیرہ احکام اس سے متعلق نہیں۔ جیسا کہ آخر آیت میں اسے کھول دیا گیا ہے اور ازواج مطہرات سے کسی امتی کا نکاح حرام ہونا ایک علیحدہ آیت

Marfat.com

(الصحیح البخاری، حدیث نمبر 1680) (الصحیح المسلم، حدیث نمبر 1290)
(السنن النسائی، جلد نمبر 5، صفحہ نمبر 262)

## ایثار و رفاقتِ رسول ﷺ:

1: ام المومنین سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا اور ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عقد میں یکے بعد دیگرے آئیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا جوان تھیں اور سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا سن رسیدہ، اس لیے ان کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ کہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے طلاق ہی نہ دے دیں اور میں شرفِ زوجیت اور صحبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محروم ہو جاؤں۔ ان کی یہ دلی خواہش تھی کہ قیامت کے دن وہ ازواج رسول علیہ السلام کے ساتھ اٹھائیں جائیں۔ چنانچہ انہوں نے بارگاہ رسالت میں عرض کیا!

"اَمْسِكْنِيْ وَاللّٰهِ مَابِيْ اِلَى الْاَزْوَاجِ مِنْ حِرْصٍ وَّلٰكِنِّيْ اَحَبُّ اَنْ يَّبْعَثِيَ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ زَوْجاً لَّكَ وَاَهِبُ لَيْلَتِيْ الْعَائِشَةَ وَاِنِّيْ لَااُرِيْدُ مَاتُرِيْدُ النِّسَاءُ"

(السنن الکبری، جلد نمبر 7، صفحہ نمبر 74) (الاستیعاب، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 1827)
(طبقات ابن سعد، جلد نمبر 8، صفحہ 54)

"مجھے اپنے پاس رکھئے! بخدا! مجھے خاوندوں کی کوئی حرص نہیں میں تو بس یہی چاہتی ہوں کہ روز قیامت اللہ تعالیٰ مجھے اس حال میں اٹھائے کہ میرا نام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کی فہرست میں شامل ہو۔ میں اپنی باری حضرت عائشہ کو بخشتی ہوں میں وہ نہیں چاہتی جو عورتیں عموماً چاہتی ہیں۔"

(الصحیح البخاری، حدیث نمبر 2593) (الصحیح المسلم، حدیث نمبر 1463) (السنن النسائی، فی عشرۃ النساء حدیث نمبر 48) (طبقات ابن سعد، جلد نمبر 8، صفحہ نمبر 54) (السنن الکبریٰ، جلد نمبر 7، صفحہ نمبر 74)

2: سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا کو یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں طلاق ہی نہ دے دیں، اس لیے سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا نے بارگاہِ نبوت میں عرض کیا!

"یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ مجھے طلاق نہ دیں بلکہ اپنے ہاں رکھیں۔ میں اپنی باری

Marfat.com

عائشہ کو دے دیتی ہوں۔

چنانچہ انہوں نے اپنی باری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو دے دی۔

(السنن الترمذی، فی التفسیر، حدیث نمبر 2043)(السنن ابی داؤد، حدیث نمبر 2683)(السنن الکبریٰ للبیھقی، جلد نمبر 7، صفحہ نمبر 297)(المستدرک للحاکم، جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 186)(طبقات ابن سعد، جلد نمبر 8، صفحہ نمبر 53)(تفسیر ابن کثیر، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 575)(الدر المنثور، جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 710)

ام المومنین سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا کی اس پیشکش پر حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم بھی راضی ہو گئے اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بھی خوش ہو گئیں۔ یہ ان کے خصائص میں تھا کہ انہوں نے اپنی باری سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو دے دی، یہ ایثار ان کا اس وجہ سے تھا کہ وہ محبوبہ رسول یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وجہ سے بارگاہ نبوت میں تقرب حاصل کریں۔

ابتداء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی رائے سے اتفاق کیا اور ان کی باری حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو دے دی۔ مگر بعد ازاں دیگر ازواج کی طرح ان کی باری ان کو واپس دے دی تاکہ انہیں یہ بتائیں کہ ان کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بے اعتنائی نہیں کر رہے۔

(الصحیح البخاری، کتاب النکاح، باب المرۃ جب یومھا من زوجھا لضرتھا، حدیث نمبر 5212)(الفتح الباری، جلد نمبر 9، صفحہ نمبر 312)(الصحیح المسلم، کتاب الرضاع، باب اپنی سوکن کو ان کا اپنی باری بخشنے کا جواز، حدیث نمبر 1463)(سنن ابی داؤد، کتاب النکاح، باب عورتوں کے درمیان باری کے سلسلے میں، حدیث نمبر 2135، جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 600)(السنن الترمذی، جلد نمبر 5، صفحہ نمبر 232، حدیث نمبر 3040)

## اولاد اور روایتِ حدیث:

ام المومنین سیدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر حضرت سکران بن عمرو رضی اللہ عنہ سے ایک لڑکا تھا جن کا نام عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ تھا۔ یہ صحابی تھے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے زمانے میں جنگ فارس میں شریک ہوئے اور اسی جنگ میں جان شہادت نوش کیا۔

Marfat.com

ساتھ مل جاتا ہے۔ آپ رضی اللہ عنہا قریش کے مشہور خاندان بنو مخزوم سے تعلق رکھتی تھیں۔

2: ام المومنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی والدہ کا نام عاتکہ تھا۔ والدہ کی طرف سے آپ رضی اللہ عنہا کا سلسلہ نسب یوں آتا ہے!۔

ام سلمہ بنت عاتکہ بنت عامر بن ربیعہ بن مالک بن خذیمہ (یا جذیمہ) بن علقمہ بن جذل الطعان بن فراس بن غنم بن مالک بن کنانہ۔

بعض حضرات نے عاتکہ سے عاتکہ بنت عبدالمطلب سمجھا ہے اور سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی کی بیٹی سمجھا ہے، لیکن یہ غلط ہے ان کا نام ہند ہے۔

(طبقات ابن سعد، جلد نمبر 8، صفحہ نمبر 86) (الاصابہ، جلد نمبر 8، صفحہ نمبر 221) (جمرۃ انساب العرب، صفحہ نمبر 146) (الاستیعاب، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 1920) (نسب قریش للزبیری، صفحہ نمبر 300) (انساب الاشراف، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 1429) (اسد الغابہ، جلد نمبر 7، صفحہ نمبر 289)

## والد کی فیاضی:

روایات کے مطابق حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے والد ابوامیہ مکہ مکرمہ کے مشہور ترین اور مخیّر ترین سرداروں میں سے تھے۔ ان کی فیاضی کا یہ عالم تھا کہ بیسیوں افراد ان کے دسترخوان پر پلتے تھے۔ ان کی دریا دلی، دولت اور سخاوت کے چرچے ہر طرف تھے۔ ان کی ایک صفت یہ بھی تھی کہ جب کبھی سفر کرتے جتنے بھی قافلے والے ساتھ ہوتے ان کے زادراہ، قیام و طعام اور دوسری ضروریاتِ سفر یہ پوری کرتے۔ اس لیے ان کو لوگوں نے "زاد الراکب" یعنی سواروں کے زادراہ کا لقب دے رکھا تھا۔ اس وجہ سے جو بھی ان کے ساتھ سفر کرتا وہ سفری اخراجات سے غنی ہو جاتا۔

## ولادت اور ابتدائی حالات:

ام المومنین سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلانِ نبوت سے آٹھ سال قبل مکہ مکرمہ میں قبیلہ مخزوم کے رئیس ابوامیہ کے ہاں پیدا ہوئیں۔ چونکہ آپ رضی اللہ

Marfat.com

عنہا کا والد رئیس اور شرفاء مکہ میں سے تھا، اس لیے یہ کہنا بجا ہوگا کہ آپ رضی اللہ عنہا نے ساری زندگی کبھی بھی بدحالی اور پریشانی نہیں دیکھی۔ آپ رضی اللہ عنہا نے بڑے نازونعم سے پرورش پائی۔ جب جوان ہوئیں تو اپنے ہم پلہ اپنے چچازاد بھائی عبداللہ رضی اللہ عنہ بن عبدالاسد بن ہلال بن عبداللہ بن عمر بن مخزوم کے ساتھ شادی ہوگئی۔ آپ رضی اللہ عنہ بھی اپنے اصل نام کی بجائے اپنی کنیت ابوسلمہ سے مشہور ہوئے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے شوہر حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ اور مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابولہب کی لونڈی ثوبیہ کا دودھ پیا تھا، گویا کہ ابوسلمہ رضی اللہ عنہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رضاعی بھائی تھے۔ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ ویسے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد بھی تھے۔ ان کی والدہ برہ بنت عبدالمطلب تھیں۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلانِ نبوت فرمایا تو حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا اور آپ کے شوہر حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ ان خوش قسمت ترین افراد میں سے تھے جنہوں نے ابتدائی زمانہ میں ہی اسلام قبول کرلیا تھا اور اَلسَّابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ ہونے کا شرف حاصل کیا۔ چونکہ یہ دونوں ہستیاں رئیس زاد تھیں اس لیے ان کے قبائل نے ان کے اسلام قبول کرنے پر بہت سخت ردعمل ظاہر کیا اور ہر طرح سے ان پر مصائب وآلام کے پہاڑ توڑ دیئے۔ جوں جوں مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جاتا کفار ویسے ویسے ہی اپنے ظلم وزیادتی میں اضافہ کرتے جاتے۔

## ہجرت:

جب کفارِ مکہ کا ظلم وتشدد حد سے تجاوز کر گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو اجازت دی کہ جو کوئی مسلمان اپنے دین اور جان کی حفاظت کرنا چاہتا ہے وہ حبشہ کی طرف ہجرت کر جائے۔ چنانچہ امام نووی نے التہذیب، جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 362 پر لکھا ہے کہ حضرت ام سلمہ اور حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہما نے سب سے پہلے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔

طبقات ابن سعد، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 203 پر موجود ہے کہ ان دونوں میاں بیوی نے حبشہ کی دونوں ہجرتوں میں شرکت کی۔ حبشہ میں کچھ عرصہ قیام کرنے کے بعد جب یہ واپس مکہ آئے تو پھر کفار کے مظالم کا نشانہ بن گئے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو مدینہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت دی۔ اس ہجرت میں بھی ان کو یہ فضیلت حاصل ہوئی کہ اہل

Marfat.com

سیر اور مورخین نے لکھا ہے کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا پہلی خاتون ہیں جو ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائیں۔

(الاصابہ، جلد نمبر 8، صفحہ نمبر 223) (الاستیعاب، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 1921)
(سیر اعلام النبلاء، جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 206) (نسب قریش، صفحہ نمبر 337)

اسی طرح اہل سیر اور مورخین نے یہ بات بھی بیان کی ہے کہ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ وہ پہلے شخص ہیں جو ہجرت کر کے مدینہ طیبہ آئے۔

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی مدینہ کی طرف ہجرت کا واقعہ بھی بڑا دردناک ہے۔ جب ان حضرات نے ہجرت کا قصد کیا تو ان کے پاس صرف ایک ہی اونٹ تھا۔ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ نے اس پر اپنی زوجہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا اور اپنے بیٹے سلمہ رضی اللہ عنہ کو سوار کیا اور خود نکیل پکڑ کر مدینہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ جب ان کی روانگی کا پتہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے خاندان بنومغیرہ کو چلا تو وہ اکٹھے ہو کر آئے اور حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تم تو جا سکتے ہو لیکن اس حالت میں ہم اپنی لڑکی کو تمہارے ساتھ نہیں بھیج سکتے۔ چنانچہ انہوں نے زبردستی ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے اونٹ کی نکیل پکڑ لی۔ جب اس بات کا پتہ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے خاندان بنوعبدالاسد کو چلا تو وہ جمع ہو کر آئے اور بنومغیرہ سے کہا کہ اگر تم اپنی لڑکی کو ہمارے لڑکے کے ساتھ نہیں جانے دیتے تو ہمارے لڑکے کا لڑکا بھی تمہارے پاس نہیں رہ سکتا۔ چنانچہ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کو دونوں قبائل کے لوگ اپنی اپنی طرف کھینچنے لگے۔ اس کھینچا تانی کے نتیجہ میں حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کا بازو اپنی جگہ سے ہل گیا۔ بالآخر بنواسد جناب سلمہ رضی اللہ عنہ کو چھین کر لے گئے۔ اس طرح حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا، حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ، اور حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کے درمیان تفریق ڈال دی گئی۔ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ تو ہجرت کر کے مدینہ چلے گئے۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو ان کے خاندان والوں نے روک لیا اور حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کو ان کے ددھیال والے لے گئے۔ اس جدائی میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا برا حال تھا۔ آپ رضی اللہ عنہا روزانہ صبح سویرے گھر سے نکلتیں اور وادیِ ابطح کے ایک بلند ٹیلے پر بیٹھ جاتیں اور سارا سارا دن روتی رہتیں۔ اسی طرح پورا ایک سال گزر گیا۔ آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میری یہ حالت دیکھ کر میرے خاندان کے ایک شخص کو مجھ پر رحم آ گیا۔ اس نے

Marfat.com

اپنے قبیلے والوں کو اکٹھا کر کے ان سے کہا!

"یہ لڑکی ہمارا ہی خون ہے ہم کب تک اس بے کس کو اس کے خاوند اور بچے سے جدا رکھیں گے۔ اے بنو مغیرہ! بخدا! ہمارا قبیلہ بڑا شریف اور شجاع ہے جو ظلم کو دوست نہیں رکھتا۔"

اس نیک دل آدمی کی تقریر سن کر دوسرے لوگوں کو بھی رحم آ گیا۔ چنانچہ انہوں نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو اجازت دے دی کہ وہ مدینہ جا سکتیں ہیں۔ جب بنو عبدالاسد نے یہ واقعہ سنا تو انہوں نے بھی حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کو واپس کر دیا۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے بچے کو گود میں لیا اور تن تنہا مدینہ کی طرف چل پڑیں۔ جب آپ رضی اللہ عنہا مکہ سے باہر نکلیں تو ایک شریف النفس آدمی حضرت عثمان بن طلحہ بن ابی طلحہ رضی اللہ عنہ انہیں ملے۔ یہ ابھی تک ایمان نہیں لائے تھے مگر تھے بڑے شریف النفس اور کعبۃ اللہ کے کلید بردار۔

عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ کی چونکہ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے بہت دوستی تھی اس لیے وہ اکثر ان کے گھر آیا جایا کرتے تھے۔ جب انہوں نے آپ کی زوجہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو دیکھا تو پہچان کر پوچھا!

"کدھر کا ارادہ ہے؟"

ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا!

"مدینہ اپنے خاوند کے پاس جا رہی ہوں؟"

انہوں نے پوچھا!

"آپ کے ساتھ کوئی مرد نہیں ہے؟"

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا!

"نہیں! صرف میرا اللہ ہے اور یہ بچہ ہے۔"

اس پر حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا!

"مردانگی سے بعید ہے کہ قریش کی ایک عورت تنہا سفر کرے اور میں اس کی مدد نہ کروں۔"

یہ کہہ کر عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے اونٹ کی نکیل پکڑ لی اور ان کے ساتھ ہو لیے۔ یہ تین افراد کا قافلہ منزل بہ منزل سفر طے کرتے ہوئے جب مدینہ پہنچا

Marfat.com

دے دی تھی اور کربلا کی خاک بھی ایک بوتل میں ڈال کر دے دی تھی اور کہا تھا کہ جب یہ خاک خون ہو جائے تو یہ وہ وقت ہوگا جب حسین اور ان کے ساتھی شہید کر دیئے جائیں گے۔

چنانچہ غیب دان نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھ لیا کہ اس وقت میری ازواج میں سے صرف ام سلمہ رضی اللہ عنہا ہی موجود ہوں گی اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ خاک سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو دے دی اور فرمایا!

''جب یہ خاک خون میں تبدیل ہو جائے تو سمجھ لینا کہ میرے نواسے حسین کو کربلا میں شہید کر دیا گیا ہے۔''

چنانچہ جس وقت حضرت امام عالی مقام رضی اللہ عنہ اور ان کے جانثار میدانِ کربلا میں یزیدی فوج سے برسرِ پیکار تھے اس وقت حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حالت میں دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر اور داڑھی مبارک غبار آلود ہے۔لباس سے سفر کے آثار نظر آ رہے ہیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نہایت غمگین اور افسردہ ہیں۔ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا!

''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ کیا حال ہے؟''

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

''میں حسین کے مقتل سے آ رہا ہوں۔میرا ہی کلمہ پڑھنے والوں نے میرے نواسے کو بھوکا اور پیاسا شہید کر دیا ہے۔''

جب حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی آنکھ کھلی تو آپ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے اور آپ فرما رہی تھیں کہ اہل عراق نے حسین کو قتل کر دیا،خدا ان کو قتل کرے، انہوں نے حسین کی تذلیل کی ،خدا انہیں ذلیل کرے اور ان پر لعنت کرے۔جب آپ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عطا کی ہوئی کربلا کی مٹی دیکھی تو وہ خون ہو چکی تھی۔

## آیتِ تطہیر اور پردہ ،اہل بیت:

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے مجھ سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ

Marfat.com

تمام اعضاء پر بڑھاپے کے اثرات ظاہر ہو گئے مگر چہرہ ویسا ہی تروتازہ اور جوان رہا۔

حضرت عطاف رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ میری والدہ نے مجھے بتایا کہ میں نے زینب کا چہرہ اس وقت دیکھا جب وہ بڑھاپے کی منزلیں طے کر رہی تھیں۔ان کے چہرے پر جوانی کے اثرت میں سے کچھ بھی کم نہیں ہوا تھا۔

جب آیت تطہیر نازل ہوئی تو یہ اپنی والدہ کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھیں۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسنین کریمین اور ان کے والدین رضی اللہ عنہم کیلئے فرمایا!

''یہ میرے اہل بیت ہیں۔''

تو سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے روتے ہوئے شکوہ کیا!

''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو تو مخصوص کر لیا لیکن ہمیں چھوڑ دیا؟''

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

''تو اور تیری بیٹی زینب بھی اہل بیت میں شامل ہیں۔''

جیسا کہ ہم ابتداء میں عرض کر چکے ہیں کہ بعض کم عقل اور بدعقیدہ لوگ ازواج مطہرات کو اہل بیت میں شامل نہیں کرتے اور بعض کم عقل اور بدعقیدہ ضد میں آ کر اولادِ رسول اور دامادانِ رسول کو اہل بیت سے نکال دیتے ہیں، یہ دونوں فریقین کم عقلی اور بدعقیدگی کی انتہا تک پہنچے ہوئے ہیں۔کوئی بھی صاحبِ عقل وفہم اس بات کو تسلیم نہیں کر سکتا کہ اولاد تو گھر والوں میں شامل ہو اور اولاد کی ماں گھر والوں میں شامل نہ ہو۔

## وصال:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد سب سے پہلے حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کا وصال ہوا اور سب سے آخر میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا وصال ہوا۔وصال کے وقت آپ رضی اللہ عنہا کی عمر چوراسی سال تھی اور آپ کا وصال یزید کے دورِ حکومت میں واقعہ حرا کے بعد ہوا۔واقعہ حرا 63 ہجری میں پیش آیا۔آپ رضی اللہ عنہا کا نمازِ جنازہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہا نے پڑھایا اور جنت البقیع میں دفن کی گئیں۔

☼ ☼ ☼

Marfat.com

کر دیا۔ آپ کو حضرت ام المومنین سیدہ خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے حکیم بن حزام نے چار سو درہم میں خرید لیا اور پھر اپنی پھوپھی حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں پیش کر دیا۔ جب حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا نکاح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا تو انہوں نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کر دیا۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کا والد ایک شاعر تھا اور اپنی قوم بنی کلب کے اشراف میں سے تھا۔ وہ اپنے چچا کے ساتھ حضرت زید رضی اللہ عنہ کو تلاش کرتا ہوا مکہ پہنچ گیا اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کی مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجودگی سے آگاہ ہو گیا۔ جب وہ بارگاہ نبوت میں حاضر ہوئے تو عرض کیا!

"يَا ابْنَ عَبْدَ الْمُطَّلِبِ يَا ابْنَ سَيِّدَ قَوْمِهِ اَنْتُمْ جِيْرَانُ اللّٰهِ تُفَكُّوْنَ الْعَانِيَ، وَتُطْعِمُوْنَ الْجَائِعَ، وَقَدْ جِئْنَاكَ فِي ابْنِنَا فَتُحْسِنُ اِلَيْنَا فِي فِدَائِهِ"

"اے عبدالمطلب کے بیٹے! اپنی قوم کے سردار! تم خدا کے پڑوسی ہو! تم قیدیوں کو چھڑاتے ہو! بھوکوں کو کھلاتے ہو! ہم اپنے بیٹے لیے حاضر ہوئے ہیں!"

اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

"میں اسے بلاتا ہوں اور اسے اختیار دیتا ہوں اگر وہ تمہیں اختیار کر لے تو تمہارا اور اگر مجھے اختیار کر لے تو میرا اور جو مجھے اختیار کر لے تو میں اس پر ہرگز کسی کو اختیار نہیں دیتا۔"

انہوں نے اس بات کو قبول کر لیا جب حضرت زید رضی اللہ عنہ کو بلایا گیا اور انہیں اختیار دیا گیا تو انہوں نے اپنے والدین کی بجائے مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار کیا۔ اس وقت مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب کے سامنے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو آزاد کر دیا اور اپنا منہ بولا بیٹا بنا لیا۔ اس دن سے آپ رضی اللہ عنہ زید بن حارثہ کی جگہ زید بن محمد کے نام سے مشہور ہو گئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایک سیاہ فام غلام سے سفید فام اور عرب لوگوں کا سردار بنا دیا اور جب مواخات قائم فرمائیں تو حضرت زید رضی اللہ عنہ کو اپنے چچا حضرت حمزہ رضی

Marfat.com

اللہ عنہ کا بھائی بنایا۔ یہ ظلم و جبر کی پستی ہوئی اس مخلوق پر اتنا بڑا احسان ہے جس کی مثال دینے سے تاریخ عالم قاصر ہے۔ اس سے بڑھ کر یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کا نکاح اپنی پھوپھی زاد حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے کر دیا تاکہ غلام اور آقا، امیر اور غریب، اعلیٰ نسب اور ادنیٰ نسب وغیرہ کی تمام تمیزات ختم ہو جائیں۔

جب حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ بالغ ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نکاح اپنی باندی برکہ (ام ایمن) سے کر دیا۔ ام ایمن حضرت آمنہ رضی اللہ عنہا کی ملکیت تھیں۔ ان کے وصال کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت میں آئیں۔ یہ ابتدائی دور میں ہی اسلام کی دولت سے مالا مال ہوئیں۔ مدینہ طیبہ کی جانب ہجرت بھی کی۔ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بڑی قدر و منزلت اور بڑی عزت و احترام فرمایا کرتی تھیں۔ ان کے بطن سے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے بیٹے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے جو کہ بہت جلیل القدر صحابی تھے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے دوسرے نکاح کا پیغام اپنی پھوپھی زاد حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کیلئے بھیجا لیکن انہوں نے اور ان کے بھائی حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے صاف انکار کر دیا کہ ایک اعلیٰ نسب کا نکاح ایک آزاد کردہ غلام سے کیونکر ہو سکتا ہے؟

عرب کا یہ دستور تھا کہ غلام سے مناکحت کو اپنے لیے ننگ و عار سمجھا جاتا تھا۔ چونکہ اسلام بڑے اور چھوٹے اعلیٰ نسب اور غلام کے درمیان تفریق کو ختم کرنا چاہتا تھا اس لیے اس نکاح کو مثال بنانا مقصود تھا۔ چنانچہ اللہ رب العزت نے یہ آیت نازل فرما دی!

"وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا○"

(القرآن المجید، پارہ 22، سورۃ احزاب، آیت نمبر 36)

"کسی بھی مومن مرد یا عورت کیلئے یہ گنجائش نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی کام کا حکم دیں پھر ان کو اس کام میں کوئی اختیار باقی رہے، جو اللہ اور اس کے حکم سے روگردانی کرے وہ کھلم کھلا گمراہی میں جا پڑا۔"

Marfat.com

جب اس آیت مبارکہ کی خبر حضرت زینب رضی اللہ عنہا اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو ہوئی تو وہ فوراً اس نکاح کے لیے تیار ہو گئے۔ اس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے کر دیا اور ان کا مہر دس دینار، ساٹھ درہم، چار کپڑے، پچاس مد غلہ اور تیس صاع کھجوریں مقرر کیا۔ نکاح کے بعد حضرت زینب رضی اللہ عنہا حضرت زید رضی اللہ عنہ کے ساتھ رہنے لگیں۔ چونکہ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا اس نکاح کو پسند نہیں کرتی تھیں اور اپنے اعلیٰ نسب ہونے کا اظہار کرتی تھیں اس لیے ابتدائی دنوں سے ہی دونوں میاں بیوی کے درمیان رنجش شروع ہو گئی۔ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ اکثر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی بے اعتنائی کا شکوہ کیا کرتے اور اکثر کہتے کہ میں نے زینب کو چھوڑ دینا ہے، لیکن مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم طلاق دینے سے منع کرتے اور فرماتے!

''تم نے میری خاطر اس تعلق کو قبول کیا ہے اس لیے اسے چھوڑنے سے مجھے ندامت ہوگی۔''

المختصر! بار بار کی لڑائی سے تنگ آ کر حضرت زید رضی اللہ عنہ نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے منع کرنے کے باوجود حضرت زینب رضی اللہ عنہا کو طلاق دے دی۔ یہ شادی بمشکل ایک سال قائم رہ سکی۔ جب حضرت زینب رضی اللہ عنہا کی شادی حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی اس وقت آپ کی عمر 34 سال اور طلاق کے وقت آپ رضی اللہ عنہا کی عمر 35 سال تھی۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت زید رضی اللہ عنہ کو بار بار طلاق دینے سے منع فرماتے تھے۔ چنانچہ قرآن مجید فرقان حمید فرماتا ہے!

''وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَیْهِ اَمْسِكْ عَلَیْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ''

(القرآن الجید، پارہ نمبر 22، سورۃ احزاب، آیت نمبر 37)

''اور جب تم اس شخص سے جس پر خدا نے اور تم نے احسان کیا تھا تم یہ کہتے تھے کہ اپنی بیوی کو نکاح میں لیے رہو اور خدا سے ڈرتے رہو۔''

Marfat.com

کریم علیہ السلام نے اعلانِ نبوت کیا تو یہ لوگ اسلام دشمنی پر قائم رہے اور اسلام کی مخالفت میں اپنا پورا کردار ادا کیا۔

2: ثعلبہ بھی جزیرہ نما عرب کے شمالی علاقوں میں آباد ہوا۔ اس کے دو بیٹے تھے اوس اور خزرج۔ ان دونوں کی اولادیں مدینہ طیبہ میں آباد ہوئیں۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلانِ نبوت فرمایا تو ان دونوں قبیلوں اوس اور خزرج نے اسلام قبول کرلیا۔ جب نبی آخر الزماں علیہ السلام اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین مکہ سے مدینہ ہجرت کرکے آئے تو انہوں نے دل کھول کر اپنے ان مسلمان بھائیوں کی مدد کی یہاں تک کہ اپنی جائیدادوں کو بھی دو حصوں میں تقسیم کر دیا۔ ایک حصہ خود رکھا اور دوسرا اپنے مہاجر بھائی کو دے دیا۔ انہوں نے ایثار وقربانی کا وہ عظیم الشان مظاہرہ کیا کہ جس کی مثال پوری دنیا کی تاریخ دینے سے قاصر ہے۔ مال ودولت تو ایک طرف اگر کسی انصاری کے پاس دو بیویاں تھیں اور مہاجر کے پاس ایک بھی نہیں تھی تو اس انصاری نے اپنی ایک بیوی کو طلاق دے کر اپنے مہاجر بھائی کے عقد میں دے دی۔

3: حارثہ کی اولاد سرزمین حجاز کی اس جگہ پر آباد ہوئی جسے تہامہ کہا جاتا ہے۔ اس کی اولاد بنو خزاعہ کے نام سے مشہور ہوئی۔ اسی قبیلہ میں ایک شخص خزیمہ بن سعد گزرا ہے جو کہ مصطلق کے نام سے مشہور تھا اور اس کی اولاد بنو مصطلق کہلاتی تھی۔ یہ جدہ اور رابعہ کے درمیانی علاقے قدید میں آباد تھے۔ حضرت سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا اسی قبیلے سے تعلق رکھتی تھیں۔ چونکہ آپ رضی اللہ عنہا سردار قبیلہ کی بیٹی تھیں اس لیے بڑے ناز ونعم میں پلیں۔ جب آپ جوان ہوئیں تو آپ کا نکاح آپ کے چچازاد مسافع بن صفوان سے کر دیا گیا۔ مسافع سخت دشمن اسلام تھا۔ یہ حالت کفر میں ہی غزوہ بنی مصطلق میں مارا گیا۔

## غزوۂ بنی مصطلق:

ام المومنین سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا کے والد حارث بن ابی ضرار کے قریش مکہ کے

Marfat.com

اللہ عنہا سے ناراض ہو گئے تو سیدہ رضی اللہ عنہا کیلئے یہ وقت گزارنا بہت دشوار ہو گیا۔ آپ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس گئیں اور ان سے جا کر کہا!

''آپ جانتی ہیں کہ میں اپنی باری کسی بھی قیمت پر کسی دوسری زوجہ کو دینے کیلئے تیار نہیں لیکن اگر آپ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مجھ پر راضی کروا دیں تو میں اپنی باری آپ کو دینے کیلئے تیار ہوں۔

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس کام کیلئے تیار ہو گئیں۔ آپ نے زعفران میں رنگی ہوئی ایک اوڑھنی لے کر اس پر پانی چھڑکا تاکہ اس کی خوشبو بڑھ جائے۔ پھر آپ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

''اے عائشہ! آج تمہاری باری کا دن تو نہیں ہے۔''

ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ یہ خدا تعالیٰ کا فضل ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔ پھر تمام واقعہ سنایا جس پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا سے راضی ہو گئے۔

حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم بھی سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ بڑی محبت کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر موقع پر ان کی دل جوئی فرمایا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان المبارک کے آخری عشرے میں اعتکاف کیلئے مسجد میں تھے کہ سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنے کیلئے آئیں۔ تھوڑی دیر گفتگو کرنے کے بعد جب آپ رضی اللہ عنہا جانے لگیں تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں چھوڑنے کیلئے مسجد کے دروازے تک آئے۔ اسی دوران دو انصاری مسجد میں داخل ہوئے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

''ٹھہرو اور دیکھ لو کہ یہ میری بیوی صفیہ بنت حیی ہے۔ کہیں تم یہ نہ سمجھ لینا کہ میرے ساتھ رات کی تاریکی میں نہ جانے کون ہے۔''

انصاری صحابیوں نے عرض کیا!

''یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم ایسا کیونکر سوچیں گے؟''

اس پر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

Marfat.com

"شیطان انسان کے اندر خون کی طرح دوڑتا ہے۔ مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ تمہارے دل کے اندر کوئی ایسی بات نہ ڈال دے۔"

(الصحیح البخاری،حدیث نمبر 2035)(الصحیح المسلم،حدیث نمبر 2175)

(سنن ابی داؤد،حدیث نمبر 2470)(مسند امام احمد،جلد نمبر 6،صفحہ نمبر 237)

مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حضرت سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ محبت کا پتہ اس بات سے بھی چلتا ہے کہ آپ اور دیگر ازواج مطہرات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں شریک تھیں۔ اتفاق سے سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کا اونٹ بیمار ہو گیا اور چلنے کے قابل نہ رہا۔ آپ رضی اللہ عنہا رونے لگیں تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے اور ان کی دل جوئی فرمائی۔ حضرت سیدہ زینب بن جحش رضی اللہ عنہا کے پاس ضرورت سے زیادہ اونٹ تھے اس لیے مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا!

"زینب! ایک اونٹ صفیہ کو دے دو۔"

اس پر سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے کہا!

"یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اس یہودن کو اپنا اونٹ دے دوں؟"

یہ جملہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنا ناگوار گزرا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کافی عرصہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا سے بات نہ کی۔

سیدہ زینب رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں!

"حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی نے مجھے قریب قریب ناامید کر دیا تھا۔ میں نے عہد کر لیا کہ آئندہ کبھی بھی ایسی بات نہ کہوں گی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی سفارش پر بڑی مشکل سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا قصور معاف فرمایا۔"

(سنن ابی داؤد،حدیث نمبر 4602)(مسند امام احمد،جلد نمبر 6،،صفحہ نمبر 261- 337-338-131)(طبقات ابن سعد،جلد نمبر 8،صفحہ نمبر 126)(المجمع الزوائد،جلد نمبر 4،صفحہ نمبر 321)(الاصابہ،جلد نمبر 8،صفحہ نمبر 126)(تہذیب التہذیب،جلد نمبر 12،صفحہ نمبر 455)(الکاشف الذہبی،جلد نمبر 3،صفحہ نمبر 473)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو پتہ چلا کہ سیدہ

Marfat.com

"کَیْفَ تَکُنْ خَیْرًا مِّنِّیْ اَبِیْ هَارُوْنَ وَعَمِّیْ مُوْسٰی وَزَوْجِیْ مُحَمَّدٌ"

"تم مجھ سے کیسے بہتر ہوسکتی ہو کہ میرے باپ ہارون علیہ السلام، میرے چچا موسیٰ علیہ السلام اور میرے شوہر محمد ہیں۔"

(السنن الترمذی، حدیث نمبر 1890) (مستدرک للحاکم، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 29) (زرقانی، جلد نمبر 3، صفحہ نمبر 259) (عیون الاثر، جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 401) (الاصابہ، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 347)

ایک مرتبہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کے قد و قامت کے بارے میں کوئی جملہ کہا جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قطعی طور پر پسند نہ فرمایا، اپنی ناراضگی کا اظہار کیا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا!

"عائشہ! تو نے ایسی بات کہی ہے کہ اگر سمندر میں چھوڑ دی جائے تو اس میں مل جائے (یعنی یہ بات بہت ناپسندیدہ ہے)۔"

(سنن ابی داؤد، جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 193)

ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں!

"حج کا سفر تھا میرے علاوہ دیگر ازواج مطہرات بھی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھیں۔ راستے میں میرا اونٹ بیٹھ گیا اور میں سب سے پیچھے رہ گئی اس لئے میں نے رونا شروع کردیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے تو مجھے روتے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہاتھوں اور اپنی رداء مبارکہ سے میرے آنسو پونچھنے لگے۔ حضور رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم میرے آنسو پونچھتے جاتے اور میں بے اختیار روتی جاتی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بار بار مجھے رونے سے روکتے لیکن آنسو بے اختیار میری آنکھوں سے چھلکتے جاتے۔ جب بار بار کے روکنے سے بھی میرے آنسو نہ تھمے تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذرا سختی کے ساتھ منع فرمایا۔

(مسند امام احمد، جلد نمبر 6، صفحہ نمبر 337) (زرقانی، جلد نمبر 3، صفحہ نمبر 296) (اسد الغابہ، جلد نمبر 7، صفحہ نمبر 170)

ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں!

Marfat.com

''ایامِ حج میں سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو حیض آ گیا تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں یہ مسئلہ پیش کیا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

''کیا وُہی ہمیں روکے رکھے گی؟''

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا!

''یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ طواف زیارت کر چکی ہیں۔''

اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

''اب رکنے کی ضرورت نہیں ہے۔''

(الصحیح البخاری، حدیث نمبر 1757) (الصحیح المسلم، حدیث نمبر 1211) (السنن الترمذی، حدیث نمبر 943) (سنن ابی داؤد، حدیث نمبر 2003) (السنن النسائی، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 194) (موطا امام مالک، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 412) (مسند امام احمد، جلد نمبر 6، صفحہ نمبر 38)

## صفاتِ جمیلہ، علم و فضل:

دیگر ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کی طرح ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کا گھر بھی علم و عرفان کا مرکز تھا۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد اکثر خواتین آپ رضی اللہ عنہا سے مسائل دریافت کرنے کیلئے آیا کرتی تھیں۔

روایات کے مطابق عراق کی رہنے والی صہیرہ بنت جیفر حج کرنے کے بعد سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں آئیں تو انہوں نے آپ کے پاس بہت سی خواتین کو مسائل پوچھتے دیکھا۔ صہیرہ نے بھی اپنے مسائل دریافت کرنے کیلئے دیگر خواتین سے مختلف سوالات کروائے اور خود اپنے آپ کو ظاہر نہ کیا۔ سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نے تمام سوالات کے مفصل جوابات دیئے۔ ان میں سے ایک مسئلہ نبید کے بارے میں بھی تھا۔ جب اس مسئلے کی باری آئی تو سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نے پس پردہ رہنے والی صہیرہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا!

''اہل عراق اس مسئلے کو اکثر پوچھتے ہیں۔''

(مسند امام احمد، جلد نمبر 3، صفحہ نمبر 337)

## روایت حدیث:

Marfat.com

ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا سے دس احادیث مروی ہیں جن میں سے ایک بخاری شریف میں اور باقی دیگر کتب احادیث میں موجود ہیں۔آپ رضی اللہ عنہا سے جن اصحاب نے روایت کی ہے ان کے نام درجہ ذیل ہیں!

حضرت سیدنا امام زین العابدین، اسحاق بن عبداللہ، یزید بن مصعب، مسلم بن صفوان اور کنانہ رضوان اللہ علیہم۔

## صبر وتحمل:

ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا میں صبر وتحمل، کشادہ دلی اور سیر چشمی نمایاں اوصاف تھے۔مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عقد میں آنے کے بعد اکثر آپ کو یہودی ہونے کا طعنہ سننا پڑتا مگر آپ صبر وتحمل سے سب برداشت کرتیں اور کسی کو بھی سخت جواب نہ دیتیں۔غزوۂ خیبر سے واپسی پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا اور ان کی ایک بہن کو یہودیوں کے لاشوں کے پاس سے لے کر گزرے تو ان کی بہن اپنے عزیز واقارب کی لاشوں کو دیکھ کر چیخیں مار کر رونے اور سینہ کوبی کرنے لگی مگر ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا جب اپنے شوہر، باپ اور بھائی کی لاشوں کے پاس سے گزریں تو آپ کی جبینِ تحمل پر کسی قسم کا شکن بھی نہیں آیا۔

جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہا امیر المومنین بنے تو سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی ایک کنیز نے جا کر آپ کو شکایت کی کہ ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا میں ابھی تک یہودیت کی بو پائی جاتی ہے کیونکہ اب بھی وہ یوم السبت (ہفتہ کے دن) کو اچھا تصور کرتی ہیں اور یہودیوں سے دلی لگاؤ رکھتی ہیں۔حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تحقیق کیلئے خود آپ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے۔جب حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں پوچھا تو ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا!

"جب اللہ تعالیٰ نے ہمیں ہفتہ کے بدلے جمعہ کا دن عطا فرمایا تو ہفتے کے دن کو محبوب رکھنے کی کوئی ضرورت نہ رہی۔البتہ یہودیوں سے میں ضرور لگاؤ رکھتی ہوں کیونکہ ان میں میرے عزیز واقارب ہیں اور مجھے صلہ رحمی کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔"

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ آپ کی حق گوئی سے بہت متاثر ہوئے اور واپس چلے

Marfat.com

گئے۔اس کے بعد سیدہ صفیہ سلام اللہ علیہا نے اس لونڈی کو بلایا اور اس سے پوچھا کہ تجھے امیر المومنین کے سامنے میری شکایت کرنے پر کس چیز نے آمادہ کیا تو اس نے جواب دیا!

''شیطان نے۔''

اس پر سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا!

''جا! میں نے تجھے آزاد کیا۔''

(عیون الاثر، جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 402) (الاستیعاب، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 1871)

(الاصابہ، جلد نمبر 7، صفحہ نمبر 74) (سیر اعلام النبلاء، جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 222)

## نرم دل:

ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا بہت نرم دل، سیر چشم، حلیم الطبع، عاقلہ اور فاضلہ تھیں۔ چنانچہ امام زرقانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں!

''کَانَتْ صَفِیَّۃُ عَاقِلَۃٌ حَلِیْمَۃٌ وَفَاضِلَۃٌ''

''سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا عاقلہ، فاضلہ اور حلیم الطبع تھیں۔''

(زرقانی، جلد نمبر 3، صفحہ نمبر 296)

عیون الاثر اور اسد الغابہ میں ہے!

''کَانَتْ عَاقِلَۃٌ مِّنْ عُقَلَاءِ النِّسَاءِ''

''وہ خواتین میں نہایت عقل مند تھیں۔''

(عیون الاثر، جلد نمبر 2، صفحہ نمبر 402) (الاستیعاب، جلد نمبر 4، صفحہ نمبر 1871)

جب سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا دلہن بن کر مدینہ طیبہ آئیں تو حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا اپنی سہیلیوں کے ساتھ انہیں دیکھنے کے لیے آئیں۔ آپ رضی اللہ عنہا نے اپنے کانوں کے طلائی جھمکے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو دے دیئے اور آپ کی ساتھی لڑکیوں کو بھی کچھ نہ کچھ زیور دیا۔

آپ رضی اللہ عنہا کی سخاوت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ آپ رضی اللہ عنہا کے پاس ایک مکان تھا جو آپ نے فروخت کر کے اس کی رقم صدقہ و خیرات کر

Marfat.com

دی۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ایام محاصرہ میں سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نے ان کی بڑی مدد کی۔ جب 35 ہجری میں سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے گھر کا محاصرہ کر لیا گیا اور ضرورت زندگی کی چیزیں بھی ان تک پہنچنے نہ دیں تو سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا خچر پر سوار ہو کر اپنے ایک غلام کے ساتھ آپ کی مدد کیلئے روانہ ہوئیں۔ مالک اشتر نے جب آپ کو آتے دیکھا تو آپ کے خچر کے منہ پر مارنے لگا جس سے خچر بدک گیا۔ سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا وہاں سے واپس گھر آئیں اور حضرت سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس کھانا دینے کیلئے بھیجا۔ آپ حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا کے گھر سے کھانا وغیرہ سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچاتے۔

ایک روایت کے مطابق حضرت سیدنا حسن بن علی رضی اللہ عنہما نے سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کے مکان اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے مکان کے درمیان ایک لکڑی رکھ دی جس پر سے گزر کر سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو کھانا پانی وغیرہ پہنچایا جاتا تھا۔

## فضائل ومناقب:

1: سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نہایت حلیم الطبع، صابرہ وشاکرہ، کشادہ دل، سیر چشم عاقلہ وفاضلہ اور سخی تھیں۔

2: دوسروں کے ساتھ ہمدردی کا جذبہ ان میں کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا جس کی ایک مثال حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے محاصرے کے دوران آپ کی خدمات ہیں جو آپ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کیلئے کیں۔

3: مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو بے انتہا محبت تھی۔ جس کی ایک مثال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایام مرض میں سیدہ صفیہ کا یہ فرمانا ہے کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی بیماری مجھے لگ جائے ہے۔ اس کی تصدیق حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی فرمائی کہ یہ اوپر اوپر سے ہی ایسا نہیں کہہ رہی بلکہ یہ سچے دل سے کہہ رہی ہے۔

4: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا سے بہت محبت تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کی ہمیشہ دل جوئی فرمایا کرتے تھے۔ جب بھی کوئی انہیں یہودن ہونے کا طعنہ

Marfat.com

دیتا تو یہ رو پڑتیں اگر حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں دیکھ لیتے تو ان کے آنسو پونچھتے اوران کی دل جوئی فرماتے۔

5: دیگر ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کا ولیمہ ایک دن ہوا لیکن سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کے ولیمہ کی دعوت تین دن ہوئی۔

6: سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا بڑی علم وفضل والی تھیں۔خواتین اکثر آپ رضی اللہ عنہا سے مسائل پوچھا کرتی تھیں۔آپ رضی اللہ عنہا سے دس احادیث بھی مروی ہیں۔

7: حسن و جمال سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کا امتیازی وصف تھا۔جب آپ رضی اللہ عنہا مدینہ طیبہ میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دلہن بن کر آئیں تو مدینہ کی خواتین آپ کے حسن کا چرچہ سن کر آپ کو دیکھنے کیلئے آئیں۔

8: سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کا ایک وصف یہ بھی ہے جو آپ کو دیگر ازواج سے ممتاز کرتا ہے کہ آپ کھانا بہت لذیذ پکاتی تھیں اوراکثر اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کرتی۔ چاہے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کسی بھی زوجہ کے ہاں تشریف فرما ہوتے۔

9: سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی وجہ سے خواتین کیلئے ایک مشکل آسان ہوگئی کہ جب خواتین حج میں طوافِ زیارت کرلیں اوران کو حیض ونفاس شروع ہو جائے تو انہیں رکنے کی ضرورت نہیں ہے۔

10: مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی بڑی تکریم فرماتے تھے۔ایک مرتبہ دورانِ اعتکاف آپ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنے آئیں جب رخصت ہونے لگیں تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خود انہیں دروازے تک چھوڑنے آئے۔

(طبقات ابن سعد، جلد نمبر 8، صفحہ نمبر 128) (الاصابہ، جلد نمبر 7، صفحہ نمبر 742)

## وصال:

ام المومنین سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کا وصال 50 ہجری میں ساٹھ سال کی عمر میں مدینہ طیبہ میں ہوا۔ یہ حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما کا دور خلافت تھا۔آپ رضی اللہ عنہا جنت البقیع شریف میں اسودۂ خاک ہوئیں۔

Marfat.com

جاہلیت میں عربوں کا یہ خیال تھا کہ چاند اور سورج کو گرہن کسی بڑے آدمی کی موت یا کسی بڑے حادثے کی وجہ سے لگتا ہے۔ چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی یہ کہنا شروع کر دیا کہ سورج کو گرہن ابراہیم رضی اللہ عنہ کے وصال کی وجہ سے لگا ہے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سنا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے اور منبر پر جلوہ افروز ہو کر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی اور پھر فرمایا!

"اَمَّا بَعْدُ اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ مِنْ اٰیَاتِ اللّٰہِ لَا یَکْسِفَانِ لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَیَاتِہٖ فَاِذَا رَاَیْتُمْ ذٰلِکَ فَافْزِعُوْا اِلَی الْمَسَاجِدِ"

"اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کے بعد! اے لوگو! واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں آفتاب و ماہتاب بھی ہیں۔ یہ نہ کسی کی موت سے گہناتے ہیں اور نہ کسی کی حیات سے لہٰذا جب تک تم یہ کیفیت دیکھو تو سہمے ہوئے مسجدوں کی جانب رجوع کرو۔"

یعنی جب تک گرہن نہ جائے تب تک اللہ رب العزت کی جناب میں دستِ دُعا ہو جاؤ۔ یہ کہتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ لوگوں نے عرض کیا!

"یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ تو خدا کے پیغمبر ہیں اس کے باوجود بھی روتے ہیں؟"

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

"آنکھ میں آنسو بھرے ہیں، دل میں خشوع ہے، اس کے باوجود میں ایسی بات نہیں کہتا جو پروردگار کو ناراض کر دے۔ خدا کی قسم اے ابراہیم! حقیقت میں ہم تیرے لئے رنجیدہ ہیں۔"

(طبقات ابن سعد، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 200)

Marfat.com

''اس کیلئے ایک انا ہے جو بہشت میں اس کی شیر خوارگی کی مدت پوری کر رہی ہے اور وہ (ابراہیم رضی اللہ عنہ) صدیق ہے۔''

(طبقات ابن سعد، اردو، جلد نمبر 1، صفحہ نمبر 198)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرزند ابراہیم رضی اللہ عنہ کو ان کی دایہ حضرت ام بردہ رضی اللہ عنہ نے غسل دیا۔ دوسرے قول کے مطابق حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ نے انہیں غسل دیا۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے پانی ڈالا۔ اس وقت مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی پاس موجود تھے۔ اس کے بعد کفن پہنا کر ان کو ایک چھوٹے تخت پر اٹھایا گیا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں!

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور اس میں چار تکبیریں پڑھیں۔''

حضرت عابذ رضی اللہ عنہ نے بھی ایسا ہی روایت کیا ہے۔ محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بقیع میں سب سے پہلے عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ دفن ہوئے پھر فرزند رسول حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ دفن ہوئے۔ جب مٹی برابر ہو چکی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا اور قبر پر چھڑکا۔ روایات کے مطابق یہ پہلی قبر ہے جس پر پانی چھڑکا گیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بڑا ڈھیلا لے کر قبر پر نشان لگایا۔ اس سے پہلے صرف حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر پر ہی نشان لگایا گیا تھا۔ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ دوسری ہستی تھے جن کی قبر پر نشان لگایا گیا۔

حضرت عبدالرحمٰن بن حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اپنی والدہ حضرت سیرین رضی اللہ عنہا (جو کہ حضرت ام المومنین حضرت سیدہ ماریہ قبطیہ سلام اللہ علیہا کی بہن ہیں) سے روایت کرتے ہیں کہ ابراہیم رضی اللہ عنہ کی وفات کے وقت میں موجود تھی۔ میں نے دیکھا کہ جب جب

Marfat.com

